Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 13 | منگل، 6 ستمبر 2022ء، 9 صفر 1444ھ، 22 بھادوں 2079 بم، قیمت 20 روپے | شمارہ 129

نازک وقت میں پاک فوج کی سینئر قیادت کو متنازع بنانے کی کوشش انتہائی افسوسناک ہے

آرمی چیئرمین Pt1 کے بیان پر شدید غم و غصہ ہے

ISPR

آرمی چیف کے انتخاب کے عمل کو متنازع بنانا نہ ریاست پاکستان اور نہ ہی ادارے کے مفاد میں ہے، پاک فوج آئین پاکستان کی بالادستی کے عزم کا اعادہ کرتی ہے

پاک فوج کی سینئر قیادت کی اہلیت اور حب الوطنی دہائیوں پر محیط بے داغ، شاندار عسکری خدمات سے عیاں ہے، پاک فوج قوم کی سکیورٹی اور حفاظت کے لیے ہر روز جانیں قربان کر رہی ہے

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کا کہنا ہے کہ نازک وقت میں پاک فوج کی سینئر قیادت کو متنازع بنانے کی کوشش انتہائی افسوسناک ہے، آرمی میں چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بیان پر شدید غم وغصہ ہے۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ آرمی چیف کے انتخاب کے عمل کو متنازع بنانا نہ ریاست پاکستان اور نہ ہی ادارے کے مفاد میں ہے، پاک فوج آئین پاکستان کی بالادستی کے عزم کا اعادہ کرتی ہے۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ پاک (بقیہ نمبر 28)

چین میں جواہرات کا میلہ منعقد، پاکستانی تاجر بھی شریک

بیجنگ (این این آئی) جائنا انٹرنیشنل فیئر فار ٹریڈ ان سروسز کا انعقاد 31 اگست سے 5 ستمبر تک بیجنگ میں ہوا جس میں شریک غیر ملکی تاجر متعدد نئے مواقع و امکانات سے متعارف ہوئے ہیں۔ پیر کے روز چینی میڈیا کے مطابق پاکستان سے تعلق رکھنے (بقیہ نمبر 27)

اینٹی کرپشن نے شیخ رشید کو کلین چٹ دے دی

عدالت نے شیخ رشید کی درخواست اینٹی کرپشن کے بیان کی روشنی میں نمٹا دی

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) اینٹی کرپشن نے زمین کی غیر قانونی فروخت کے کیس میں شیخ رشید کی حد تک الزام ثابت نہ ہونے کا بیان دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ میں شیخ رشید کی اینٹی کرپشن لاہور میں طلبی کے نوٹس کیخلاف (بقیہ نمبر 24)

پاکستان کا تباہ کن سیلاب 7 کروڑ افراد متاثر

تباہ کن سیلاب سے ملکی معیشت کو پہنچنے والے نقصان کا اندازہ 25 ارب ڈالر لگایا گیا ہے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ملکی تاریخ کے بدترین سیلاب سے ہونے والے نقصانات کی تفصیلات سامنے لے آیا۔ تباہ کن سیلاب سے ملکی معیشت کو پہنچنے والے نقصان کا اندازہ 25 ارب ڈالر لگایا گیا ہے، ملک بھر میں مجموعی طور (بقیہ نمبر 25)

کینیڈا میں 13 مقامات پر چاقو کے حملے، 10 ہلاک

چاقو حملے میں ملوث 2 مشتبہ افراد کی تلاش جاری ہے، پولیس حکام

اوٹاوا (مانیٹرنگ ڈیسک) کینیڈا کے صوبے ساسکچی وان میں 13 مختلف مقامات پر چاقو حملے میں 10 افراد ہلاک ہوگئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق کینیڈا کے صوبے ساسکچی وان کے 13 مختلف مقامات پر چاقو حملے (بقیہ نمبر 26)

لاہور، فاؤنڈرز گروپ کے سینئر رہنما محمد اشرف اور چیئرمین فاؤنڈرز گروپ افتخار علی ملک وزیراعظم شہباز شریف کو تین کروڑ کا چیک پیش کر رہے ہیں

ہر متاثرہ خاندان تک شفاف طریقے سے امداد پہنچے گی، وزیراعظم پاکستان

امداد کی رقم ارب 70 روپے کرنیکا فیصلہ

ہم چاہتے ہیں سب ملکر کام کریں، یہ وقت سیاست نہیں خدمت کا ہے،، میرا نہیں خیال پاکستان سمیت سندھ میں پہلے اتنی بڑی تباہی ہوئی ہو، سیلاب سے فصلیں تباہ اور گھر منہدم ہو گئے ہیں، شہباز شریف

پاکستان نے موسمیاتی تبدیلیوں کی بھاری قیمت ادا کی، عالمی دنیا کو ایک ہو کر اس آفت کا مقابلہ کرنا ہوگا، دنیا کا کوئی بھی ملک موسمیاتی تبدیلی کے عفریت کا تنِ تنہا مقابلہ نہیں کر سکتا، چیئرمین پیپلز پارٹی

نمبر شہدادکوٹ (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت نے سیلاب متاثرین کے لئے امداد کی رقم 28 ارب سے بڑھا کر 70 ارب روپے کرنے کا فیصلہ کیا ہے، ہر متاثرہ خاندان تک شفاف طریقے سے امداد پہنچے گی، سیلاب سے فصلیں تباہ ہوگئیں، لوگ بے گھر ہوئے، عالمی برادری کی طرف سے امداد کا شکریہ ادا کرتے ہیں، سیلاب کی آفت ہماری استعداد کار سے بہت زیادہ ہے، ہم چاہتے ہیں سب مل کر کام کریں کیونکہ یہ وقت سیاست نہیں بلکہ خدمت کا ہے،، میرا نہیں خیال کہ پاکستان سمیت سندھ میں پہلے اتنی بڑی تباہی ہوئی ہو، سیلاب سے فصلیں تباہ اور گھر منہدم ہو گئے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے پیر کو نمبر شہدادکوٹ کے سیلاب متاثرین کے لئے قائم کئے گئے کیمپ کا دورہ اور علاقے کا فضائی معائنہ بھی کیا۔ وزیراعظم سیلاب متاثرہ نمبر شہدادکوٹ کے دورے کے لیے سکھر ائیرپورٹ پہنچے تو بلاول بھٹو زرداری نے استقبال کیا۔ وزیراعظم شہباز (بقیہ نمبر 34)

سیلاب سے مزید 24 افراد جاں بحق، تعداد 1314 ہوگئی

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں سیلاب سے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مزید 24 افراد جاں بحق ہو گئے۔ یہ بات نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے جاری کی گئی رپورٹ میں (بقیہ نمبر 41)

پاکستان میں مزید 190 کورونا کیسز، دو مریض انتقال کر گئے

ملک کورونا مریضوں کے حوالے سے مرتب کی گئی فہرست میں 53 ویں نمبر پر پہنچ گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں کورونا وائرس کے شکار 2 مریض انتقال کر گئے، 190 نئے کیسز رپورٹ ہوئے تفصیلات کے مطابق ملک کورونا مریضوں کے حوالے سے مرتب کی گئی فہرست میں 53 ویں نمبر پر پہنچ گیا ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا کیسز کی شرح 1 اعشاریہ 38 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ پاکستان میں (بقیہ نمبر 40)

پاک فضائیہ کا سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ریلیف آپریشن جاری

پاک فضائیہ کی خیبر پختونخوا، سندھ، بلوچستان اور جنوبی پنجاب کے متاثرینِ سیلاب کے لیے امدادی کارروائیاں اور ڈیزاسٹر ریلیف آپریشنز

پاک فضائیہ نے سیلاب زدگان کی بحالی اور امداد کی فراہمی کے لیے ''پاکستان ایئر فورس فلڈ ریلیف فنڈ'' بھی قائم کیا ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاک فضائیہ کا خیبر پختونخوا، سندھ، بلوچستان اور جنوبی پنجاب کے سیلاب متاثرین کی بحالی اور ریسکیو کے لئے ڈیزاسٹر ریلیف آپریشن اور امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔ ایئر ہیڈکوارٹرز، اسلام آباد میں قائم کردہ نیشنل آئی ایس آر اینڈ ایمرجنسی ہینڈلنگ ایئر آپریشنز سنٹر (این آئی آئی اے او سی) تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مکمل ہم آہنگی کے ساتھ شبانہ روز (بقیہ نمبر 39)

پاک فضائیہ کا خیبر پختونخوا، سندھ، بلوچستان اور جنوبی پنجاب کے سیلاب متاثرین کی بحالی اور ریسکیو کے لئے ڈیزاسٹر ریلیف آپریشن اور امدادی کارروائیاں جاری ہیں

شوکت ترین کیخلاف مقدمے کیلئے قانونی ٹیم کام کر رہی ہے

مہنگائی کو روکنا صوبائی حکومتوں کا کام ہے، پورا ملک سیلاب میں ڈوب رہا ہے لیکن عمران نیازی جلسوں میں مصروف ہے

ہمیں ملک کو دیوالیہ ہونے سے بچانے کے لیے مشکل فیصلے کرنے پڑے، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین

نکانہ (نامہ نگار) وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کا کہنا ہے کہ آڈیو لیک کے معاملے پر شوکت ترین کے خلاف مقدمے کے لیے قانونی ٹیم کام کر رہی ہے۔ نکانہ صاحب میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مسلم لیگ ن کے رہنما رانا تنویر حسین کا کہنا تھا کہ عمران خان کی مرضی سے آئی ایم ایف کو خط لکھا گیا۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ شوکت ترین کے خلاف مقدمہ درج کرنے کے لیے ہماری قانونی ٹیم کام کر رہی (بقیہ نمبر 29)

پاکستان سیاسی طور پر کہیں آگے بڑھ چکا ہے، عمران خان

سیاسی شعور کی حامل اقوام ہی فکر دو وجود پر پڑی غلامی کی بیڑیاں توڑتی ہیں، سابق وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے کہا ہے کہ پاکستان بدل چکا اور سیاسی طور پر کہیں آگے بڑھ چکا ہے۔ سماجی رابطے (بقیہ نمبر 30)

لاہور، غیر قانونی شکار کیلئے تنصیب کیا گیا ساز و سامان اور اسمگل کئے جانے والے زندہ بٹیروں کے کریٹ محکمہ جنگلی حیات بھکر کی حراست میں

سیلاب کی تباہ کاریاں، متاثرین کے سر کی چھت چھن گئی

غربت، بھوک، پیاس اور بیماریاں رہ گئیں

دادو (این این آئی) سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخوا اور جنوبی پنجاب میں سیلاب متاثرین کے سر کی چھت چھن گئی، غربت، بھوک، پیاس اور بیماریاں رہ (بقیہ نمبر 31)

بھارت، سنگدل والدین نے لڑکوں سے باتیں کرنے پر بیٹی کو قتل کر دیا

بیٹی سکول میں سارے لڑکوں سے بات کرتی، کھیلتی، ناز بیا اشارے کرتی تھی، والدین کا اعتراف جرم

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں تین دن سے لاپتہ پانچویں جماعت کی کم سن طالبہ اپنے ہی والدین کے ہاتھوں قتل کر دی گئی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق میرٹھ پولیس نے کہا کہ سنگدل والدین نے اپنے ہی ہاتھوں سے اپنے لخت جگر کو لڑکوں کے ساتھ کھیلنے پر نہر میں دھکیل کر جان سے مار ڈالا۔ پولیس نے میڈیا کو بتایا کہ تین دن قبل بچی کے والدین نے تھی طالبہ کے لاپتہ ہونے کی رپورٹ درج کروائی تھی۔ بعدازاں گزشتہ روز والدین نے تحقیقات کے دوران اعتراف کیا کہ انہوں نے اپنی بیٹی کو خود ہی نہر میں دھکا دے کر قتل کیا۔ تفتیش کے دوران والدین کا کہنا تھا کہ ان کی بیٹی اسکول میں بہت سارے لڑکوں سے بات (بقیہ نمبر 37)

عمران افواج کیلئے ایسا بیان دیکر کیا مورال ڈاون کرنا چاہتے ہیں؟ چیف جسٹس اطہر من اللہ

اسلام آباد (چیف رپورٹر) چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی تقریر براہ راست دکھانے پر پابندی کے خلاف درخواست کی سماعت کے دوران چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ اطہر من اللہ نے عمران خان کے افواج کیخلاف بیان پر اظہار برہمی کیا ہے۔ دورانِ سماعت چیف جسٹس اسلام آباد نے عمران (بقیہ نمبر 38)

سیلاب: 28 ٹرینوں کا پہیہ جام، خسارہ 11 ارب سے بڑھ گیا

ریلوے ٹریک پر سیلابی پانی موجود ہونے کے باعث مسافر ٹرین آپریشن مزید 5 روز کیلئے تاخیر کا شکار ہو گیا ہے

متاثرہ علاقوں میں ریلوے ٹریکس اور پلوں سے سیلابی پانی اترنے تک ٹرینیں نہیں چلائیں گے، سی ای او ریلوے

لاہور (بیورو چیف) سیلابی پانی سے ٹریک اور پلوں کو پہنچنے والے نقصان سے اپ اینڈ ڈان 28 ٹرینوں کا پہیہ بیک وقت رکنے سے بڑھتے دنوں کے ساتھ ریلوے کا خسارہ 11 ارب روپے سے بھی بڑھ گیا ہے۔ ریلوے ٹریک پر سیلابی پانی موجود ہونے کے باعث مسافر ٹرین آپریشن مزید 5 روز کیلئے تاخیر کا شکار ہو گیا ہے۔ کوئٹہ سیکشن پر ہرک سٹیشن پر ریلوے پل ٹوٹنے سے آئندہ دو ماہ تک بحال ہوگا۔ سیلابی پانی سے ریلوے ٹریک سگنلز سسٹم اور پلوں کو پہنچنے والے شدید نقصان کی وجہ سے ٹرین آپریشن مکمل طور پر معطل ہو کر رہ گیا (بقیہ نمبر 35)

پاکستان ایئر فورس

یومِ دفاع افواج پاکستان اور ہماری قوم کے جذبے، شجاعت اور قربانی کی علامت ہے۔ یہ ہمیں 6 ستمبر 1965ء کی یادیں تازہ کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ اس دن افواج پاکستان نے پوری قوم کی مدد سے دشمن کے ناپاک ارادوں کو خاک میں ملایا اور کامیابی سے اپنے وطن کا دفاع کیا۔ ہم دھرتی کے ان بہادر سپوتوں کی عظیم قربانیوں کے معترف ہیں اور انہیں شاندار خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں جو دفاعِ وطن کیلئے پرعزم رہے۔

میرے عزیز ہم وطنو! پاکستان کو اس وقت متعدد مشکلات کا سامنا ہے۔ ان مسائل کے مناسب حل کیلئے ہمیں اسی جذبہ حب الوطنی اور اتحاد کی ضرورت جس کا مظاہرہ ہم نے 1965ء میں کیا۔ بلاشبہ، بطور قوم ہماری ایک قابلِ فخر تاریخ ہے جو ہمارے لئے ہر مشکل گھڑی میں رہنمائی کا باعث ہے۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ پاک فضائیہ اپنی شاندار روایات کے عین مطابق ہر موقع پر پورا اترنے کیلئے ہمہ وقت تیار ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ پاک فضائیہ وقت کے ساتھ ایک جدید فضائی قوت بن چکی ہے جو بہترین ٹیکنالوجی سے لیس ہے۔ الحمدللہ، پاک فضائیہ قومی تعمیر کے کاموں میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے جس میں ایروسپیس، انفارمیشن ٹیکنالوجی، صحت، تعلیم اور کھیل وغیرہ کے شعبے شامل ہیں۔ علاوہ ازیں، پاک فضائیہ قدرتی آفات جیسا کہ وباء، سیلاب اور زلزلوں میں ہمیشہ اپنے ہم وطنوں کو مدد اور تعاون فراہم کرتی ہے۔ آیئے قومی وقار کے اس دن اپنی کاوشوں کو پاکستان کے دفاع، ترقی اور خوشحالی کی خاطر دو چند کریں۔

اس موقع پر ہم اپنے کشمیری بھائیوں سے یکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہیں جو سات دہائیوں سے زائد عرصہ سے مسلسل ظلم وستم برداشت کر رہے ہیں اور عظیم قربانیاں دے رہے ہیں۔ ہم حقِ خودارادیت کے حصول کی خاطر اُن کی جدوجہد میں ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔

اللہ تعالیٰ ہماری کاوشوں کی رہنمائی فرمائے اور ہمیشہ کی طرح قوم کی اُمنگوں پر پورا اترنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

پاک فضائیہ زندہ باد پاکستان پائندہ باد

ائیر چیف مارشل
ظہیر احمد بابر سدھو، نشانِ امتیاز (ملٹری)
چیف آف دی ائیر اسٹاف، پاکستان ائیر فورس

پاکستان ائیر فورس
قوم کا سرمایۂ افتخار

PID (I) 1396/22

سوئی ناردرن گیس کی جانب سے ڈیرہ بگٹی کے سیلاب متاثرین کے لیے امدادی سامان روانہ

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ نے حالیہ سیلاب سے متاثرہ افراد کے امدادی پروگرام کے سلسلے کو مزید آگے بڑھاتے ہوئے ڈیرہ بگٹی کے سیلاب متاثرین کے لیے امدادی سامان روانہ کر دیا ہے۔ واضح رہے کہ سوئی ناردرن پہلے ہی پنجاب اور

لاہور، مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما وفاقی وزیر میاں جاوید لطیف پریس کانفرنس کر رہے ہیں

عمران خان کی 26 سالہ جدوجہد انصاف، قانون اور میرٹ کی بالادستی کیلئے ہے

عمران خان کے وژن کیمطابق پنجاب حکومت کرپشن کے خاتمہ کیلئے پرعزم ہے، سرفراز چیمہ

لاہور (بیورو چیف) مشیر اطلاعات عمر سرفراز چیمہ نے کہا ہے کہ عمران خان کی 26 سالہ جدوجہد انصاف، قانون اور میرٹ کی بالادستی کیلئے ہے۔ ڈی جی پی آر میں ایڈوائزر اینٹی کرپشن بریگیڈیئر (ر) مصدق عباسی کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے عمر سرفراز چیمہ نے کہا کہ عمران خان کے وژن کے مطابق پنجاب حکومت کرپشن کے خاتمہ کیلئے پرعزم ہے۔ پی ٹی آئی بلا امتیاز احتساب کو ترجیح دیتی ہے، اپنوں اور دوسروں کیلئے، کمزور اور (بقیہ نمبر 36)

پاک بحریہ کے سربراہ کا پیغام

06 ستمبر کا دن ہماری قومی تاریخ کا یادگار دن ہے، یہ دن ہمیں اس بے مثال اتحاد اور پختہ عزم کی یاد دلاتا ہے جس کے ساتھ پوری قوم نے افواج کے شانہ بشانہ کھڑا ہو کر دشمن کی جارحیت کو شکست فاش دی۔ یہ دن ہماری مسلح افواج کی مثالی شجاعت اور قوم کی بے لوث قربانیوں کا عکاس ہے جس سے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا گیا۔ اس اہم دن کے موقع پر ہم اپنے شہداء اور غازیوں کی قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے عددی اعتبار سے کئی گنا بڑے دشمن کے خلاف عزم صمیم کا مظاہرہ کیا۔ بھارتی ساحلی شہر گجرات کے علاقے دوارکا میں واقع بھارتی ریڈار اسٹیشن اور ساحلی تنصیبات کو تباہ کرنے کے لیے پاک بحریہ کے جہازوں کی جانب سے انجام دیئے جانے والے ''آپریشن دوارکا'' نے جنگ کے آغاز میں ہی برتری کو قائم رکھا۔

پاکستان نیوی کی آبدوز غازی نے سمندر میں ناقابل تسخیر حصار قائم رکھا، دشمن کو متعدد ہونے پر مجبور کیا اور بھارتی بحری جنگی بیڑہ اپنی ہی بندرگاہ تک محدود رہا۔ مادر وطن کی بحری سرحدوں کی حفاظت پاکستان نیوی کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ پاک بحریہ اپنی اس ذمہ داری سے عہدہ برآ ہونے کیلئے چوبیس گھنٹے آپریشن میں مصروف رہتی ہے اور ماضی قریب کے واقعات کے دوران اپنی صلاحیتوں اور مستعدی کا لوہا منوا چکی ہے، اس کی ایک مثال پاکستانی پانیوں میں موجود دشمن کی آبدوز کا سراغ لگانا اور اس کو ناکام بھاگنے پر مجبور کرنا ہے۔ چیلنجز سے بھرپور آج کے میری ٹائم منظرنامے میں پاک بحریہ عالمی پانیوں میں امن وامان کو برقرار رکھنے میں مشترکہ اور انفرادی اقدامات کے ذریعے ہمیشہ صف اول پر رہی ہے۔ حکومت پاکستان کی میری ٹائم سیکٹر پر خصوصی توجہ کی پالیسی کے تحت پاکستان نیوی نے پاکستان کی بحری اقتصادیات کے فروغ کیلئے کئی اقدامات کیے ہیں اور قومی معیشت کی مضبوطی کیلئے بحریہ اقتصادی علاقے میں موجود قدرتی وسائل کے سروے کے ذریعے اپنا کردار موثر انداز میں ادا کر رہی ہے۔ بحری سرحدوں کے دفاع اور جنگی تیاریوں جیسی بنیادی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ پاکستانی نیوی قومی تعمیر میں بھی اپنا کردار ادا کر رہی ہے۔ آج کے دن ہم اپنے عزم اور استقلال کا اعادہ کرتے ہیں کہ ہم عالیہ سیلاب سے متاثرہ ہم وطنوں، خصوصاً ساحلی علاقے، سندھ اور بلوچستان میں مقیم خاندانوں کی ہر ممکن مدد کریں گے اور خود کو ایک مضبوط قوم ثابت کریں گے۔ ہم اللہ سبحانہ تعالیٰ کی ذات کریم کے ممنون ہیں جس نے قومی سلامتی کے تحفظ کے دوران مشکلات کا مقابلہ حوصلہ مندی اور اتحاد کے ساتھ کرنے کیلئے ہمیں قوت اور ہمت عطا کی۔ آج کے دن پاکستان نیوی کے تمام آفیسرز، بی پی او ز، سیلرز اور سویلینز غیر متزلزل ایمان اور دستیاب وسائل کے ساتھ مادر وطن کے دفاع کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔

اللہ ہمارا رہنما اور محافظ ہو۔ آمین

پاکستان نیوی زندہ باد — پاکستان پائندہ باد

25 ہزار مال بردار گاڑیاں سڑکیں بند ہونے سے پھنس گئی

مال بردار گاڑیاں پھنسنے سے غذائی اجناس کی قلت ہو رہی ہے، تنویر احمد جٹ

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) غذائی اجناس سے بھری 25 ہزار مال بردار گاڑیاں 5 دن سے سڑکیں بند ہونے سے پھنسی ہوئی ہیں۔ مرکزی صدر پاکستان ٹرانسپورٹ (بقیہ

ایڈیٹوریل پیج

روبینہ فیصل
ایڈیٹوریل ایڈیٹر

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar

بھارت، انسانی حقوق اور عالمی تنظیمیں

انسانی حقوق کے لیے کام کرنے والی عالمی تنظیم ایمنسٹی انٹرنیشنل نے بھارتی حکومت پر زور دیا ہے کہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں بند کی جائیں۔ ایمنسی انٹرنیشنل کی طرف سے جاری کردہ رپورٹ ہمیں قانون کے ذریعے سزا دی جا رہی ہے، جموں و کشمیر میں دفعہ 370 کی منسوخی کے بعد تین سال کے عنوان سے اپنی بریفنگ میں کہا ہے کہ بھارتی حکومت نے مقبوضہ وادی میں انسانی حقوق کی پامالیوں کا سلسلہ وسیع کر دیا ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں جبری سفری پابندیوں، نظر بندی، جابرانہ میڈیا پالیسیوں کا اطلاق ہوا، عدالتوں و انسانی حقوق کے اداروں میں اپیلوں یا فراہمی انصاف کے عمل کو روکنے کی کوششیں کی گئی۔ بھارتی حکومت تین سال سے مقبوضہ کشمیر میں ذرائع ابلاغ، انسانی کے لیے کام کرنے والے کارکنوں، صحافیوں اور وکلاء کو کریک ڈاؤن کا نشانہ بنا رہی ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں اختلاف رائے کو دبانے کے لیے کالے قوانین، سخت گیر کارروائیوں اور غیر قانونی طریقوں کو اختیار کیا جا رہا ہے۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل انڈیا کے سربراہ آکار پٹیل کے مطابق یہ صورتحال تشویش ناک، پریشان کن اور افسوس ناک ہے۔ اسے مودی سرکار کی بدقسمتی ہی قرار دیا جا سکتا ہے کہ بھارتی آئین پر شب خون مارنے کے بعد بھی مقبوضہ کشمیر کو ہڑپنے کی خواہش اس کے گلے میں ہڈی بن کر رہ گئی ہے۔ بی جے پی حکومت نے 5 اگست 2019ء کو بھارتی آئین کی دفعہ 370 اور 35اے کا خاتمہ کر کے اپنے تئیں مقبوضہ کشمیر اور کشمیری عوام کی خصوصی حیثیت کو ختم کر ڈالا۔ تین سال سے غاصبانہ قبضے کے زیر اثر جموں و کشمیر کو دنیا کی سب سے بڑی اور اذیت ناک جیل میں تبدیل کر رکھا ہے۔ کشمیر کے عوام اور قیادت کو بدترین پابندیوں کا نشانہ بنایا جا رہا ہے، نقل حمل، اظہار رائے، ذرائع ابلاغ، مذہبی اجتماعات پر سخت ترین پابندیاں عائد کی جا رہی ہیں۔ بھارتی جیلیں کشمیریوں سے بھری پڑی ہیں، قید و بند، تشدد، مار پیٹ کا گھناؤنا رویہ مقبوضہ کشمیر کے معمولات کا حصہ بنا ہوا ہے۔ مقبوضہ جموں و کشمیر میں ریاستی دہشت گردی کا سلسلہ کہیں زیادہ شدت اختیار کر چکا ہے۔ اس کے باوجود مودی سرکار اپنے مذموم عزائم کو حاصل کرنے میں شرمناک حد تک ناکام ثابت ہوئی ہے۔ بھارتی آئین پر ڈاکہ زنی کے ذریعے مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کرنے کی جسارت کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ عرصے سے نئی دہلی کے کاسہ لیس کشمیری بھی حق خود ارادیت کے لیے اٹھ کھڑے ہوئے ہیں۔ کشمیر سے تعلق رکھنے والا عام شہری ہو یا سیاسی رہنما، سماجی کارکن، صحافی، انسانی حقوق کے لیے کام کرنے والے ادارے سبھی بھارتی حکومت کی جابرانہ، غیر منصفانہ اور پرتشدد پالیسیوں کے مقابل اٹھ کھڑے ہوئے ہیں۔ بی جے پی سرکار اور اس کے کشمیر پر پالیسی ساز حلقوں کو مقبوضہ کشمیر میں ہر سطح کی سیاسی حمایت حاصل کرنے کے لالے پڑ چکے ہیں۔ مقبوضہ کشمیر میں ایسی سیاسی تنظیمیں، افراد اور سیاسی ساکھ رکھنے والے ذمہ داران دور دور تک نظر نہیں آ رہے جو 5 اگست 2019ء کے غیر قانونی، غیر انسانی اور آئین شکن اقدام کی حمایت کا حوصلہ کر سکیں۔ عالمی برادری اور علاقائی سطح پر انسانی حقوق اور مقبوضہ کشمیر پر جابرانہ تسلط کی پالیسی پر بھارت کی بدنامی الگ سے ہو رہی ہے۔ یہ کہنا بالکل درست ہوگا کہ مودی سرکار نے اپنی جارحانہ، بہیمانہ اور توسیع پسندانہ کی وجہ سے بھارت کو داخلہ و خارجہ ہر میدان میں سخت مشکلات کا شکار کر رکھا ہے۔

"یوم دفاع"

انیلا بتول اعوان (سیالکوٹ)

چھ ستمبر کے دن کو یوم دفاع پاکستان کے نام سے منسوب کیا گیا ہے۔ اس دن پاکستان نے بھارت کے پاکستان پر قابض ہونے کے ناپاک عزائم کو ناکام بنا دیا تھا۔ اس دن پاک فوج اور پاکستان کی غیور قوم کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا جاتا ہے۔ اگر 6 ستمبر 1965ء کے واقعات کو یاد کیا جائے تو دل جذبے سے بھر جاتا ہے اور فوجی جوانوں کی لازوال قربانیوں کی داستانیں آنکھیں نم کر دیتی ہیں۔ ستمبر کی جنگ کا تذکرہ دلوں کو گرماتا، جوش و جذبے کو ابھارتا اور ایمان و یقین کو تازہ کر دیتا ہے۔ تاریخ عالم میں کبھی نہ بھولنے والے اس قابلِ فخر دن چھ ستمبر کو پاکستان کی بائیس کروڑ عوام یوم دفاع پاکستان مناتے ہوئے اپنے اُن قومی ہیروز اور بہادر افواج کی شہادت اور بے مثال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کریں گے۔ جنہوں نے ستمبر 1965ء کی جنگ میں اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر دشمن کے پاکستان پر قبضے کے ارادے کو خاک میں ملا دیا۔ اس جنگ میں پاکستان کی مسلح افواج کی پشت پر پاکستان کے غیور اور بہادر عوام سینہ تان کر متحد اور بے خوف و خطر کھڑے رہے۔ 1965ء کی جنگ ہو یا 1971ء کی بھارت کی ہمیشہ یہی کوشش رہی ہے کہ کسی نا کسی طرح اس خطے پر قابض ہو جائے اور کشمیر کے ساتھ اپنی جغرافیائی حیثیت بنا لے مگر اللہ پاک کی مدد و نصرت، افواج پاکستان کی کامیاب جنگی حکمت عملی اور شکر گڑھ نارووال اور سیالکوٹ کی غیور عوام کی پاکستان سے والہانہ محبت کی وجہ سے بھارت کے یہ خواب ہمیشہ چکنا چور ہو جاتے ہیں۔ پاکستان کے بہادر جوانوں نے جب دیکھا کہ دشمن ظاہری قوت میں ہم سے بہت مضبوط ہے تو انہوں نے پھر اس طاقت کو آزمانے کا فیصلہ کیا جو بھارت کی فہم و فراست سے بھی بہت ماوراء تھی۔ پاکستان کے بہادر جوانوں نے اپنے جسموں پر بم باندھ کر دشمن کے ٹینک اڑا دیے اور دشمن کو ناکوں چنے چبوا دیے۔ دنیا کو سبق دے دیا کہ... توحید کی امانت سینوں میں ہے ہمارے آسان نہیں مٹانا نام و نشاں ہمارا اگر غور کیا جائے تو جس طرح پاکستان کی قوم اور فوج کی چھ ستمبر کے حوالے سے خدمات کو فراموش نہیں کیا جا سکتا ہے۔ اسی طرح آج بھی پاکستان جن مشکلات سے دو چار ہے اب بھی پاکستان کی قوم اور فوج کا کردار نمایاں ہے۔ آج پاکستان جس تباہی کے دہانے پر کھڑا ہے وہاں پر بھی دفاع کی ضرورت ہے جس میں تمام لوگ اپنے اپنے حصے کا کردار ادا کر رہے ہیں مگر حکومت وقت دکھاوے کے سوا کچھ بھی نہیں۔ ہمیں اپنے متاثرین بہن بھائیوں کی مدد کرنے کے ساتھ ساتھ حوصلے بھی بلند کرنے کی ضرورت ہے۔ تبھی تو اس کے دفاع کا حق ادا کیا جائے گا۔ اس حوالے سے کسی نے کیا خوب کہا ہے کہ: اب قرض ہے ہم پر مٹی کا اس منزل کا، اس دھرتی کا تقدیر کریں، تدبیر کریں آؤ وطن تعمیر کریں ہماری دعا ہے کہ پاکستان کو خدا ہمیشہ اپنی پناہ میں رکھے۔۔ اور ہم سب کو بطور پاکستانی قوم اس کی سلامتی کے لیے دعا گو رہنا چاہیے کیونکہ ہماری پہچان اسی سے ہے۔ ہمیں ہر وقت اور ہر طرح کی قربانی دینے کے لیے تیار رہنا چاہیے۔ یہاں محسن نقوی کا ایک شعر ملاحظہ کیجیے:

ہم تو مر جائیں گے اے ارضِ وطن پھر بھی تجھے
زندہ رہنا ہے قیامت کی سحر ہونے تک



یوم دفاع پاکستان۔۔افواج پاکستان ملک و قوم کا قیمتی سرمایا

تحریر۔ خدیجہ جاموٹ
محکمہ تعلقات عامہ پنجاب

6 ستمبر (یوم دفاع) پاکستان کی تاریخ کے اہم ترین واقعات میں سے ایک ہے۔ 6 ستمبر 1965 کو بھارتی فوج نے جنگ کے باقاعدہ اعلان کے بغیر پاکستان کی بین الاقوامی سرحدیں عبور کر لیں۔ یہ وہ وقت تھا جب نہ صرف ہمارے بہادر سپاہیوں کو بلکہ پوری قوم کو اپنی سرزمین کے دفاع کے لیے ایک مربوط یونٹ کے سانچے میں ڈھالا گیا تھا اور ہندوستانی فوج کو شکست دے کر تمام محاذوں پر واپس لایا تھا۔ دیرینہ سرحدی تنازعات، فرقہ وارانہ کشیدگی اور کشمیر کے سوال پر تنازعہ ستمبر 1965 میں ہندوستان اور پاکستان کے درمیان مکمل جنگ میں بھڑک اٹھا۔

رن آف کچ میں جھڑپیں 1965 کے موسم بہار میں تقریباً حادثاتی طور پر بھڑک اٹھیں، اور ہندوستان اور پاکستان نے خود کو اپنی دو غیر اعلانیہ جنگوں میں سے پہلی میں کھینچ لیا۔ یہ تنازعہ ہندوستان میں انگریزوں کی حکومت کے دنوں کا ہے۔ رن شاہی ریاست کچھ اور برطانوی ہندوستانی صوبہ سندھ کے درمیان تنازعہ کی ہڈی تھی۔

جب برٹش انڈیا تقسیم ہوا تو کچھ کا ہندوستان اور سندھ کا پاکستان سے الحاق ہوا۔ یہ مسئلہ ان دونوں ریاستوں کو تقریباً 3,500 مربع میل کے علاقے میں وراثت میں ملا تھا۔ جنوری 1965 کے بعد سے سرحدی واقعات اکثر ہونے لگے۔ ہر لحاظ سے بھارتی افواج کو کچے کے علاقے میں پاکستانی فوج نے بری طرح شکست دی۔ جب برٹش انڈیا تقسیم ہوا تو کچھ کا ہندوستان اور سندھ کا پاکستان سے الحاق ہوا۔ یہ مسئلہ ان دونوں ریاستوں کو تقریباً 3,500 مربع میل کے علاقے میں وراثت میں ملا تھا۔ جنوری 1965 کے بعد سے سرحدی واقعات اکثر ہونے لگے۔ ہر لحاظ سے بھارتی افواج کو کچے کے علاقے میں پاکستانی فوج نے بری طرح شکست دی۔

کشمیر کے واقعات بھی عروج کی طرف بڑھ رہے تھے۔ ہندوستانی وزیر اعظم لال بہادر شاستری نے کشمیر کو ہندوستان کے سیاسی جسم میں مزید جذب کرنے کے اقدامات کر کے آگ میں مزید تیل کا اضافہ کیا اور کہا کہ ہندوستان اور پاکستان کے کامیاب تعلقات میں مسئلہ کشمیر کو ثانوی حیثیت حاصل ہے۔

ہندوستانی آئین کے آرٹیکل 356 اور 357 کا کشمیر ریاست پر اطلاق جس نے ہندوستان کے صدر کو کشمیر میں صدارتی راج قائم کرنے اور قانون سازی کرنے کے قابل بنایا، کشمیر کو مکمل طور پر ہندوستانی یونین میں ضم کرنے کی کوشش کی گئی۔ کشمیری رہنما شیخ عبداللہ نے کشمیر کاز کے لیے بین الاقوامی حمایت حاصل کرنے کے لیے وسیع غیر ملکی دورے کیے۔ لیکن اسے گرفتار کر لیا گیا اور کشمیر کی قانون ساز اسمبلی نے 30 مارچ کو آئینی ترمیمی بل منظور کیا، جس کے مطابق، سرداری ریاست کو اب گورنر کے طور پر جانا جائے گا اور مقامی اسمبلی کے ذریعہ منتخب ہونے کے بجائے ہندوستان کے صدر کے ذریعہ مقرر کیا جائے گا۔

وزیر اعظم کو وزیر اعلیٰ کے طور پر انسٹال کیا جائے گا، جیسا کہ ہندوستانی یونین کی ریاستوں میں ہوتا ہے۔ کشمیری عوام نے بھارتی سامراج کے خلاف مکمل جنگ کا مطالبہ کیا اور جموں و کشمیر کے عوام کی قومی حکومت قائم کی۔ اسپل اوور اثر میں، آزاد کشمیر تیزی سے بے چین ہو گیا۔ ہندوستانی فوج نے اپنی باقاعدہ مسلح افواج کے ساتھ جنگ بندی لائن کے اس پار کئی نئی پیش قدمی کی۔

6 ستمبر 1965ء کو صبح تینتیے، جنگ کے باضابطہ اعلان کے بغیر، ہندوستانیوں نے مغربی پاکستان کی بین الاقوامی سرحد عبور کی اور لاہور، سیالکوٹ اور راجستھان کے خلاف تین جہتی حملہ شروع کیا۔ پنجاب کے میدانی علاقوں میں ٹینکوں کی زبردست جنگ ہوئی۔ اندرونی پاک بھارت تنازعہ ایک بین الاقوامی تنازعہ میں تبدیل ہو گیا اور سپر پاور کے خدشات بڑھ گئے۔

امریکہ نے پاک بھارت جنگ کے دوران دونوں فریقوں کو فوجی سپلائی معطل کر دی تھی۔ سوویت یونین اور امریکہ دونوں نے برصغیر کی حدود کے اندر تنازعات کو عالمی تنازع میں بڑھنے سے روکنے کے لیے متحد موقف اختیار کیا۔ چین نے مداخلت کی دھمکی دی اور پاکستان کو فوجی مدد کی پیشکش کی۔ چین کو اس تنازعے سے دور رکھنے کے لیے سوویت یونین اور امریکہ دونوں نے اقوام متحدہ پر فوری جنگ بندی کے لیے دباؤ ڈالا۔ لڑائی کو روکنے کی اہم سفارتی کوشش اقوام متحدہ کی سرپرستی میں کی گئی اور 23 ستمبر 1965 کو جنگ بندی عمل میں آئی۔ سوویت یونین جو کہ بھارت اور پاکستان کی جنگ کے دوران غیر جانبدار رہا، اس کے بعد تاشقند میں دلال کا کردار ادا کیا۔ سوویت حکومت کے ایک پیغام میں 8 دسمبر کو باضابطہ طور پر اعلان کیا گیا کہ ہندوستانی وزیر اعظم شاستری اور پاکستانی صدر ایوب 4 جنوری 1966 کو تاشقند میں ملاقات کریں گے۔ تاشقند کانفرنس 4 جنوری سے 10 جنوری تک جاری رہی۔ سوویت وزیر اعظم کوسیگین نے ایک امن ساز کے طور پر تعریف حاصل کی۔ کانفرنس کی اہم کامیابی 25 فروری 1966 کے بعد تمام مسلح اہلکاروں کو 5 اگست 1964 سے پہلے کی پوزیشن پر واپس لے جانا تھا۔ کشمیر میں بھارتی اقدامات اس یوم دفاع کو دوگنا اہمیت دیتے ہیں۔

6 ستمبر کو قوم یوم دفاع پاکستان کے طور پر پاکستان کی بہترین گھڑی کی یاد میں مناتی ہے جب اس کی مسلح افواج نے 6 ستمبر 1965 کو ہندوستانی مسلح افواج کے اچانک حملے کو ناکام بنایا۔ اس یادگار دن پر پاکستانی عوام متحد ہو کر کھڑے ہوئے۔ دشمن کے حملے کا مقابلہ کرنے کے لیے ایک ٹھوس عمارت جس نے ہماری مادر وطن پر قبضے کے اپنے گھناؤنے انجام کو حاصل کرنے کے لیے تاریکی کی چادر کا انتخاب کیا۔

واقعات 1965 کے پاک بھارت تنازعے سے آگے بڑھ چکے ہیں۔ 1971 میں پاکستان کے خلاف جنگ پر مجبور کیا گیا، جب بھارت نے اختلاف کے بیج بونے سے آغاز کیا، جس کے نتیجے میں اگرتلہ سازش ہوئی، ایک گوریلا فورس، مکتی باہنی کی تشکیل، اور اس کی آڑ لے کر مشرقی پاکستان میں بغاوت کی کارروائیوں کے لیے پلوں کو اڑانے کے لیے اور دیگر تنصیبات، جس نے پاکستانی فوجیوں کے حوصلے کو نقصان پہنچایا۔ جنگ شروع ہونے سے پہلے ہی بھارت جنگ جیت گیا۔ اس کی بدنام زمانہ انٹیلی جنس ایجنسی RAW کی بدولت، کیونکہ اس کے ایجنٹ سابقہ مشرقی پاکستان کے ہر کونے اور کونے میں گھس چکے تھے۔ پاکستان کی مسلح افواج نے زبردست مشکلات کا بہادری سے مقابلہ کیا، لیکن نتیجہ ناگزیر تھا۔ پاکستان کی مسلح افواج اپنی اعلیٰ تربیت کی بدولت، تعداد سے زیادہ ہونے اور کم جدید ترین ہتھیاروں کے باوجود، GWOT میں سخت جنگ لڑنے اور قربانی کے جذبے سے سرشار ہونے کے باوجود، ہر انچ کے دفاع کے لیے پوری طرح تیار ہیں۔ مادر وطن کے ساتھ ساتھ کشمیریوں کی اخلاقی اور سفارتی حمایت اور نئے چیلنجز کا مقابلہ کرنا ہے۔ کارگل تنازعہ 1999 میں قریب قریب کی جنگ تھی، جس میں پاک فوج کے بہت سے بہادر سپاہیوں نے کارگل کی بلندیوں پر کنٹرول حاصل کرنے اور سیاچن اور بھارت کے مقبوضہ کشمیر (IOK) کے ساتھ ہندوستانی سڑک کے روابط کو منقطع کرنے کے لیے اپنی جانوں کی عظیم قربانی دی۔ اور بھارت کو مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے مذاکرات کی میز پر لانے پر مجبور کریں۔ آپریشن تعطل کے ساتھ ختم ہوا، لیکن پاک فوج کی بہادرانہ قربانیوں نے شان و شوکت کی نئی راہیں روشن کیں۔

11/9 نے پاکستان کے لیے ایک نئے چیلنج کا آغاز کیا، جب وہ غیر مشروط طور پر دہشت گردی کے خلاف عالمی جنگ (GWOT) میں شامل ہوا، کیونکہ یہ اس کے اپنے مفاد میں تھا کیونکہ دہشت گردی کا خاتمہ اس کی دہلیز پر تھا اور اس کے پاکستان پر شدید اثرات ہو سکتے تھے، اگر اسے بغیر چیک کیے چھوڑ دیا گیا تھا۔ پاکستان آرمی، جس نے جی ڈبلیو او ٹی کا خمیازہ اٹھایا ہے، اس وقت سے معذوری کا شکار تھی کیونکہ اس نے کبھی بھی شورش کے خلاف جنگ کا سامنا نہیں کیا تھا، یا کسی بے چہرہ دشمن کا مقابلہ نہیں کیا تھا، خودکش بمباروں، تخریب کاروں، بغاوت کرنے والوں اور دہشت گردوں کے خلاف جنگ لڑی تھی۔ اس نے تازہ جوش کے ساتھ نئی آزمائش کے ساتھ ڈھل لیا اور بھاری مشکلات کا سامنا کرنے کے باوجود اور بعض اوقات جی ڈبلیو او ٹی میں دیگر اتحادیوں کی طرف سے غیر ضروری تنقید کا سامنا کرنے کے باوجود اپنا ایک اچھا حساب دیا۔

افغانستان میں جاری جنگ سے فائدہ اٹھانے والے شر پسندوں کو پاکستان کے دشمنوں کی طرف سے حوصلہ افزائی، تربیت اور لیس کیا گیا، حکومت کی رٹ کو چیلنج کرنے اور سوات، قبائلی علاقوں اور فاٹا کے لوگوں کو ہراساں کرنے کا موقع ملا۔ ان کی آپس کی جنگ سیاست دانوں، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور یہاں تک کہ پاکستان کو غیر مستحکم کرنے اور شرمندہ کرنے کے لیے آنے والے معززین کو نشانہ بنا رہی تھی۔

پاکستان کی مسلح افواج نے دہشت گردی اور انتہا پسندی کے خلاف جنگ کے لیے مختلف فوجی آپریشن شروع کیے، جس میں انسانی جانوں کا بہت زیادہ نقصان ہوا۔ ان میں نمایاں ہیں: آپریشن المیزان، راہ حق، شیرِ دل، زلزلہ، سیرتِ مستقیم، راہ راست، راہ نجات، کوہِ سُفید، ضرب۔ عضب اور اب ردالفساد۔ طالبان رہنماؤں کے ساتھ امن مذاکرات ناکام ہونے کے بعد 2014 میں شمالی وزیرستان میں عسکریت پسندوں کے آخری گڑھ کے خلاف آپریشن ضرب عضب شروع ہوا تھا۔ یہ آپریشن تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی)، اسلامک موومنٹ آف ازبکستان، ایسٹ ترکستان اسلامک موومنٹ، لشکر جھنگوی، القاعدہ، جندالله اور حقانی نیٹ ورک کے خلاف کیا گیا۔ اس کے لیے جو فوجی حکمت عملی استعمال کی گئی وہ HOLD-CLEAR-DESTROY-SEEK تھی۔ پاک فضائیہ اور پاک بحریہ کے کچھ عناصر نے مل کر ہدف کو تلاش کیا اور اس کے بنیادی ڈھانچے، تربیتی کمپلیکس اور ہتھیاروں کے ذخیرے کو تباہ کیا۔ ضرب عضب کے نتیجے میں غیر معمولی کامیابی ملی کیونکہ دہشت گردوں کی ریڑھ کی ہڈی ٹوٹ گئی اور ان کا ڈھانچہ ختم کر دیا گیا۔ Nexus سلیپر سیلز بڑی حد تک متاثر ہوئے اور انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز (IBOs) کے ساتھ بقیہ سلیپر سیلز کو توڑ دیا گیا۔

آپریشن ردالفساد 2017 میں پاکستان کے چاروں صوبوں میں براڈ اسپیکٹرم سیکیورٹی (کاؤنٹر ٹیررازم) آپریشنز کے انعقاد اور ملک بھر میں ہتھیاروں سے پاک کرنے اور بقیہ شر پسندوں کو ختم کرنے کے لیے شروع کیا گیا تھا۔ دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے پاک فوج کے شہداء کے ایک تازہ گروپ نے اپنے پیشروؤں کی شان و شوکت کے پہلے سے سجے ہوئے پگڈنڈی میں نئی تاریخوں کا اضافہ کیا ہے۔ فوج، فضائیہ اور بحریہ کے سربراہوں نے بہادری کے ساتھ محاذ سے قیادت کی اور اپنے جوانوں کو دشمن کا بہادری سے مقابلہ کرنے کی ترغیب دی۔ ساؤتھ ایشیا ٹیررازم پورٹل کے مطابق دہشت گردی کے حملوں میں اب تک 70,452 پاکستانی جانیں جا چکے ہیں جن میں سے 7,802 سیکیورٹی اہلکار ہیں۔ اس طرح پاکستان کے دفاع میں مثالی جرات کا مظاہرہ کرنے والے شہداء کی فہرست میں تازہ خون شامل ہو گیا ہے۔

27 فروری 2019 پاکستان اور اس کی مسلح افواج کے لیے ریڈ لیٹر ڈے کے طور پر جائے گا۔ ہمارا مشرقی پڑوسی ہندوستان، جس پر گجرات کے قصائی کی حکومت ہے، راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس) کا ایک پرچارک (کارکن)، نریندر مودی، پاکستان کو جھوٹے جھنڈوں کی کارروائیوں کا لالچ دے رہا ہے۔ 16 فروری 2019 کو پلوامہ میں جھوٹے جھنڈے کے آپریشن میں 45 ہندوستانی فوجی مارے گئے۔ اسے ایک درخواست کے طور پر استعمال کرتے ہوئے اور حملے کا الزام پاکستان پر عائد کرتے ہوئے، مودی نے ہندوستانی فضائیہ کے جنگجوؤں کو بالاکوٹ میں دہشت گردی کے ایک فرضی تربیتی کیمپ پر حملہ کرنے کا حکم دیا۔ حملہ آوروں نے اپنا گولہ بارود ایک جنگل میں گرا دیا اور عجلت میں پیچھے ہٹ گئے، جس سے دیودار کے چند درختوں کے علاوہ کوئی نقصان نہیں ہوا۔ اگلی صبح پی اے ایف نے جوابی کارروائی کی، اپنے لڑاکا طیارے کو کھلے علاقے میں ہتھیار پہنچانے کے لیے بھیجے، اس بات کا خیال رکھتے ہوئے کہ فوجی یا شہری تنصیبات کو نشانہ نہ بنایا جائے۔ آئی اے ایف کے لڑاکا طیاروں نے پیچھا کیا اور ہنگامہ آرائی میں پی اے ایف نے دو ہندوستانی طیارے، ایک مگ 21 اور ایک ایس یو 30 کو مار گرایا۔ مگ 21 ونگ کمانڈر ابھینندن کے پائلٹ کو زندہ پکڑ لیا گیا۔ IOK30-Su میں گرا اور اس کا پائلٹ مارا گیا۔ بھارت نے پاکستان کی دفاعی اور جارحانہ صلاحیتوں کا غلط اندازہ لگایا تھا اور پاکستان کے جارحانہ اور تیز ردعمل سے وہ حیران رہ گیا تھا۔ مودی یہ بہانہ بناتے رہے کہ اگر بھارت کے پاس رافیل لڑاکا طیارے ہوتے تو وہ پاکستان کو سبق سکھا دیتا۔ تاہم، مودی نے پاکستان میں ناکام سرجیکل اسٹرائیک کو اپنی اخلاقی فتح کے طور پر استعمال کیا اور مئی 2019 میں ان کی پارٹی بی جے پی نے انتخابات میں کامیابی حاصل کی۔ 5 اگست کو، وزیر اعظم کے طور پر دوبارہ منتخب ہونے کے بعد، مودی نے IOK اور لداخ کو مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں تبدیل کر کے ایک مذموم اقدام کیا۔ آئی او کے میں ایک ماہ سے زائد عرصے سے کرفیو کی حالت ہے اور لوگ بھوک سے مر رہے ہیں، اور بچوں کے لیے ادویات اور دودھ کی کمی ہے۔ آر ایس ایس کے غنڈے بے بس کشمیریوں پر ان کے گھروں میں حملہ کر رہے ہیں، وہاں کے باشندوں کو لوٹ رہے ہیں، ان کی عصمت دری کر رہے ہیں اور جسمانی تشدد کر رہے ہیں، انہیں گھر چھوڑنے پر مجبور کر رہے ہیں۔ معاملات کو مزید خراب کرنے کے لیے بھارت آزاد جموں کشمیر، گلگت اور بلتستان کو واپس لینے کی دھمکیاں دے رہا ہے۔ مودی بلوچستان کے شر پسندوں سے بھی وعدہ کر رہا ہے کہ وہ انہیں پاکستان سے آزاد کرائیں گے۔ لائن آف کنٹرول پر مسلسل بمباری کی جا رہی ہے اور آزاد کشمیر میں معصوم شہریوں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ یہ دھمکیاں پاکستان میں دہشت گردی کے حملوں میں اضافے کے ساتھ ساتھ ایک منظم بھارتی پروپیگنڈے کے ساتھ ہیں۔ ان حالات میں پاکستان کی مسلح افواج اپنی اعلیٰ تربیت کی بدولت تعداد میں کم ہونے اور جدید ترین ہتھیاروں سے کم ہونے کے باوجود، GWOT میں جنگ کو سخت کرنے اور قربانی کے جذبے سے سرشار ہونے کے لیے پوری طرح تیار ہیں۔ مادر وطن کے ایک ایک انچ کا دفاع کرنے کے ساتھ ساتھ کشمیریوں کی اخلاقی اور سفارتی حمایت کریں اور نئے چیلنجز کا مقابلہ کریں۔

خراجِ تحسین اور تجدیدِ عہد کا دن

آسیہ آصف

6 ستمبر 1965 ہماری عسکری تاریخ کا انتہائی اہم ترین دن ہے۔ یہ دن ہمیں جنگ ستمبر کے اُن دنوں کی یاد دلاتا ہے جب پاکستان کی مسلح افواج اور پوری قوم نے بھارتی جارحیت کے خلاف اپنی آزادی اور قومی وقار کا دفاع کیا تھا۔ اس دن محبِ وطن پاکستانی شہریوں نے اپنی مسلح افواج کے ساتھ یکجہتی کا بے مثال مظاہرہ کیا اور یہ جنگ پاکستانی قوم اور مسلح افواج کی مشترکہ جدوجہد تھی جو آنیوالی نسلوں کے لئے مشعلِ راہ کا کام کرتی رہے گی۔ اس تاریخی دن کے ساتھ ایسی انمٹ یادیں اور نقوش وابستہ ہو چکے ہیں جنہیں زمانے کی گرد بھی نہ دھندلا سکے گی۔ یہ دن جہاں ہماری پاکستانی قوم کے لئے بڑی آزمائش کا دن تھا وہاں پر نڈر اور بہادر افواج کے لئے بھی انتہائی کڑا وقت تھا۔ اس دن پوری قوم اور مسلح افوج کے افسروں، جوانوں نے مل کر رفاقت کے سچے جذبے کے ساتھ بزدل، مکار و عیار دشمن کے ناپاک اور گھناؤنے عزائم کو خاک میں ملا دیا تھا۔ ان فرزندانِ پاکستان کی بامثال اور لازوال قربانیوں کی بدولت آج ہمیں تاریخ میں ایک باوقار مقام حاصل ہے۔

پاکستانی قوم کو مسلح افواج کے جانباز جوانوں کے جذبہ حب الوطنی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر ہمیشہ سے فخر رہا ہے۔ جب کبھی ارض پاکستان پر کوئی ناگہانی آفت آئی یا کسی نے پاک سرزمین کی طرف میلی آنکھ سے دیکھا یا للکارا تو پاکستان کی مسلح افواج نے ہمیشہ غیور عوام کے ساتھ مل کر سرحدوں کی پاسبانی اور نگرانی کے ایسے کارنامے انجام دیئے جو تاریخ کے اوراق میں ہمیشہ سنہری حروف سے رقم ہیں۔

سترہ روز اس تاریخی جنگ میں ساز و سامان اور عددی دونوں لحاظ سے دس گنا بڑی طاقت کو ذلت آمیز پسپائی اور شکست پر مجبور کر کے پوری دنیا میں اس کا گھمنڈ خاک میں ملا دیا۔ ستمبر 1965 کی ایک اندھیری رات، بھارت نے بزدلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ارض پاک پر اپنے ناپاک ارادوں سے حملہ کر دیا جو ملک اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے نام پر حاصل کیا گیا ہو اس کو رہتی دنیا تک کوئی نہیں مٹا سکتا یہ بات ہمارا دشمن سمجھنے سے قاصر تھا۔

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ قوم کے جذبہ ایمان، کردار، ہمت اور خلوص کا امتحان جنگ سے ہوا کرتا ہے۔ 6 ستمبر 1965 کی جنگ اس کی زندہ مثال ہے۔ جس میں پاکستانی قوم اور افواج پاکستان نے ثابت کر دیا کہ ان کا دل اللہ کی یاد سے لبریز، حبِ رسول سے مامور، دین کی محبت سے آباد اور وطن کی آزادی و حرمت پر مر مٹنے کے جذبے سے سرشار ہے۔ یہی وہ سرمایہ تھا جس کے بل بوتے پر اس نے اپنے سے تعداد اور اسلحہ میں کئی گنا بڑی طاقت کے سارے خواب بکھیر دیئے اور سارے منصوبے غرور اور خاک میں ملا دیئے۔

انہی روشن چراغوں سے زمانے میں اجالا ہے
خدا کا اور محمد مصطفیٰ کا بول بالا ہے

لاہور داتا کی نگری اور میاں میر کا شہر ہے جس کو فتح کرنے کا مکروہ خواب ہندوستان نے دیکھا تھا۔ 6 ستمبر 1965 کو بھارت نے مقبوضہ کشمیر میں مجاہدین آزادی کی پے در پے فتوحات اور متواتر کامیابیوں سے بوکھلا کر بے ضابطہ طور پر جنگ کرنے کی اخلاقی پابندی کو ٹھوکر رکھ بغیر لاہور کے محاذ پر حملہ کر دیا تھا۔ بھارت کے جنگی ناخداؤں کو یہ حرکت کرتے ہوئے یہ خوش فہمی ہو گئی تھی کہ پاکستان شائد ترنوالہ ہے۔

افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر
ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارہ

6 ستمبر 1965 کو بھارتی فوج مختلف مقامات سے پاکستان پر حملہ آور ہوئی تھی۔ ان حملوں کا مقصد پاکستان کو گھیر لینا اور اس کی شہ رگ کاٹ دینا تھا۔ امن و آشتی اور دوستی کا نقاب چڑھا کر اپنی جارحیت سے کشمیر، حیدر آباد، جونا گڑھ، مانا، منگرول اور گوا پر قبضہ کرنے والے پاکستان کو بھی تر نوالہ سمجھ بیٹھے تھے لیکن حق و صداقت کی فتح کا اللہ کا وعدہ ہے اس نے مومنوں کو جو کافروں کے خلاف حالت جہاد میں تھے ایسی مدد و طاقت عطا فرمائی جس کی وجہ سے کئی گنا بڑے دشمن کے مکروہ خواب شرمندہ تعبیر نہ ہو سکے۔ 6 ستمبر کو جو کچھ ہوا اُس نے بھارت کے حکمرانوں کو ان کے خواب سے جھنجوڑ کر جھگا دیا۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد ٹینکوں کی دوسری بڑی جنگ کا آغاز کرنے والوں کو شام تک لاہور پر قبضہ کرنے کے بجائے اپنی مسلط کردہ جنگ کی باقی مدت لاہور سے دور دور اپ

بقیہ 1

فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ ستمبر، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تکمیع کلیام، اولڈ کلیام، ایچ پی ٹی 3، انڈسٹریل، مورت، وحید آباد، برما، این ڈی سی 2 & 3-1 & 10/2 - I، پی ایچ اے 2، میٹرو، اسلامی یونیورسٹی، بحریہ یونیورسٹی، ڈاکٹر اے کیو خان، نسٹ یونیورسٹی، یونفن، پی ٹی سی ایل، ایس ای ایس، فضل گھی، عیسکام، راجہ سلطان، عیدگاہ، علی مارکیٹ، ڈھوک نجو، ٹی بی ہسپتالفیڈر زاور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 2

چک کے ساتھ بارش ہوئی جس سے گرمی کی شدت میں کمی آگئی۔ راولپنڈی میں رات گئے موسلا دھار بارش ہوئی جس سے راولپنڈی کے نشیبی علاقے زیرآب آگئے۔ یاد رہے کہ محکمہ موسمیات نے 4 اور 5 ستمبر کو راولپنڈی اسلام آباد سمیت ملک کے بالائی علاقوں میں بارش کا امکان ظاہر کیا تھا۔

بقیہ 3

کلاشنکوف برآمد کر لی جبکہ ملزم کے باقی ساتھی اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے بھاگ گئے جن کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں۔ وقوعہ میں استعمال ہونے والی گاڑی اور موٹر سائیکل 125 بھی برآمد کرلیا ہے۔ ملزم کے باقی 8 ساتھیوں کے خلاف بھی مقدمہ درج کرلیا گیا ہے مزید تفتیش جاری ہے۔ ڈی پی او سرگودھا نے ایس ایچ او تھانہ جھاوریاں اور انکی ٹیم کو اچھی کاروائی کرنے پر شاباش دی۔

بقیہ 4

سے پسٹل 30 بور، اسد سے پسٹل 30 بور، تھانہ ڈھ رابجھا پولیس نے آصف سے دو بندوق 12 بور، تھانہ جھاوریاں پولیس نے نصر سے بندوق 12 بور، تھانہ ترکھانوالہ پولیس نے علی سے پسٹل 30 بور اور تھانہ بھلوال سٹی پولیس نے اسد سے پسٹل 0 3 بور برآمد کرکے گرفتارملزمان کے خلاف منشیات فروشی اور ناجائز اسلحہ رکھنے کی دفعات کے تحت الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے ہیں مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 5

کہ پوٹھوار پریس کلب کے پلیٹ فارم سے عوامی مسائل کے حل، انہیں اجاگر کرنے اور مظلوموں کا ساتھ دینے کیلئے ہمیشہ مثبت اور تعمیری کردار ادا کیا گیا چند فیک آئی ڈیز کے ذریعے پریس کلب کے ممبران کی کردار کشی قابل مذمت ہے فیس بکیوں اور یوٹیوبر کے جھوٹے الزامات پر نیشنل پریس کلب اسلام آباد سے شکایت اور قانونی چارہ جوئی بھی کی جائے گی پریس کلب کے ممبران اپنے ادارے کی عزت وتکریم کی لئے متحد ہیں کوئی ایسا کام نہیں کریں گے جس سے پریس کلب کی عزت پر حرف آئے ان خیالات کا اظہار پوٹھوہار پریس کلب کے جنرل باڈی اجلاس میں کیا گیا اجلاس زیرصدارت صدر احمد نواز کھوکھر اور جنرل سیکرٹری زرین خان منعقد ہوا جس میں ممبران پوٹھوہار پریس کلب نے کثیر تعداد میں شرکت کی اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت شریف سے ہوا جس کی سعادت شیخ صلاح الدین اور راجہ شفقت علی خان نے حاصل کی اجلاس میں چند روز قبل ایک یوٹیوبر زاور کچھ فیس بک آئی ڈیز پر پوٹھوہار پریس کلب کے صحافیوں کے حوالے سے ایک نجی ہاؤسنگ سوسائٹی سے مالی فوائد اٹھانے کے الزامات لگائے جانے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور ان الزامات کو بے بنیاد اور جھوٹ قرار دیا اجلاس میں سینئر نائب صدر سخاوت مغل، نائب صدر راجہ اقبال، سابق صدر وملک عامر وزیر خان لیاقت علی، سابق جنرل سیکرٹرز ملک جاوید اقبال، شہزادہ ارباب اعجاز بٹالوی، سابق چیئرمین مجلس عاملہ راجہ اسد محمود، راجہ ضیاء الحق، ملک نصیر، راجہ فیصر، راجہ شفقت علی خان، ملک شاہ زیب طارق، سابق صدر خان لیاقت، راجہ فیصل، ودیگر ممبران نے بھی اپنے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے پوٹھوہار پریس کلب کے بارے میں جھوٹے اور بے بنیاد اور بغیر ثبوت کے الزامات لگانے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور ایسے عناصر کے خلاف قانونی کاروائی کرنے کی قرارداد پیش کی جس کو منظور کرتے ہوئے طے پایا کہ طاہر نصیر نامی یوٹیوبرز جس نے کچھ روز قبل پوٹھوہار پریس کلب کے ممبران پر بے بنیاد اور جھوٹ پر مبنی الزامات لگائے تھے کہ حال ہی میں گوجرخان کے علاقہ بھائی خان کے پاس بننے والی ایک نجی ہاؤسنگ سوسائٹی سے پریس کلب کے نام پر مالی فوائد حاصل کئے اس حوالہ سے اگلے چند دنوں میں پوٹھوہار پریس کلب ایک پانچ رکنی وفد راولپنڈی اسلام آباد پریس کلب کے صدر و جنرل سیکرٹری و دیگر عہدیداران سے یوٹیوبرز طاہر نصیر کے حوالہ سے ملاقات کرے گا اور ساری صورتحال سے آگاہ کر کے اور طاہر نصیر نامی صحافی سے ان الزامات کے ثبوت مانگیں جائیں گے اس کے علاوہ پوٹھوہار پریس کلب کے آفیشل پیج کو اپ ڈیٹ کرنے اور اسی پر پریس کلب کے حوالہ سے کی جانے والی سرگرمیوں کو شیئر کیا جائے گا اجلاس میں پوٹھوہار پریس کلب اور ممبران کے حوالے سے سوشل میڈیا پر پروپیگنڈہ کرنے والے فیک سوشل میڈیا آئی ڈیز کے خلاف قانونی کارروائی کرنے کا فیصلہ کیا گیا اور اس حوالہ سے بہت جلد سائبر کرائم درخواست دی جائے گی۔

بقیہ 6

ہسپتال میں آئی ٹو ٹیسٹ کے بعد ہسپتال انتظامیہ نے انکشاف کیا کہ دو جڑواں بچے ہیں جس کی ہسپتال نے فیس وصول کی اور آپریشن کے بعد ہسپتال عملہ نے اس کو ایک بچہ دیا اور بتایا کہ اس ایک بچہ پیدا ہوا۔ خاتون کا موقف تھا کہ اس کے پاس وہ تمام رپورٹس اور ٹیسٹ موجود ہیں جس میں اس کے جڑواں بچے کے ہونے کی تصدیق کی گئی۔ متاثرہ خاتون اور اس کے شوہر نے بتایا کہ کا انھیں یقین ہے کہ ان کا بچہ ہسپتال عملہ نے غائب کر دیا ہے۔ جس پر عدالت نے ہسپتال کی انچارج، لیڈی ڈاکٹر اور آپریشن تھیٹر عملہ کو 7 ستمبر 2022ء کے لئے طلب کر لیا۔ عدالت نے تھانہ فیکٹری ایریا سے بھی واقعہ کی رپورٹ مانگ لی ہے۔

بقیہ 7

ٹریفک وارڈن عدیل اور کرین کے ہمراہ باڑیاں بازار میں گورنمنٹ ہائی سکول کے باہر سے ریڑھی بانوں کو روڈ سے ہٹاتے ہوئے درجن سے زائد گاڑیوں کو چالان ٹکٹ جاری کیے جبکہ کرین کی مدد سے سکول کے باہر عرصہ دراز سے کھڑی گاڑیوں کو فوری طور پر ہٹا دیا۔ سکول پرنسپل اور انتظامیہ کیطرف سے کاروائی کو سراہتے ہوئے تعریفی سرٹیفکیٹ بھی دیا گیا۔ چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی کیطرف سے انچارج ٹریفک کوہ مری اور انکی ٹیم کو اچھی کارکردی پر شاباش دی گئی۔ اس موقع پر چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی نوید ارشاد کا کہنا تھا کہ ٹریفک پولیس کے محنتی اور کام سے محبت کرنیوالے افسران و جوان محکمہ پولیس کا اثاثہ ہیں، خوداعتمادی، نیک نیتی اور اللہ تعالیٰ پر کامل یقین سے کارکردگی پر مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ انکا مزید کہنا تھا کہ ہم سب ریاست اور لوگوں کے نمائندے ہیں اور وہی کام کریں گے جو لوگوں کیلئے فائدہ مند ہوگا۔ میرے لیے ہر وہ آفیسر قابل تحسین ہے جو ڈیوٹی کو خدمت اور عبادت سمجھ کر انجام دیتا ہے۔

بقیہ 8

کے ازالے کیلئے سروے ٹیم، مختلف علاقوں میں سکول، پینے کے صاف پانی، زرعی زمینوں کی آبادکاری ودیگر مختلف امور زیر بحث آئے۔ ڈپٹی کمشنر خیبر نے مشران کو یقین دہانی کرائی کہ ایس ایچ او وچوکی کا مسئلہ ڈی پی او سے ڈسکس کر کے بہت جلد ممکن سہولت دینگے، تحصیلدار کے لیے کمشنر پشاور کو الرڈی درخواست بھیجی گئی ہے اور سہسڈائز آٹا ومختلف علاقوں میں بہت جلد مہربان کلے جیسا ہیلتھ فیسلٹی فراہم کرینگے۔ سروے کیلئے ٹیمیں تشکیل دی گئی ہے کوشش ہوگی کہ 45 دن کے اندر اندر تمام سروے مکمل کر کے نقصانات کے ازالہ کیلئے پی ڈی ایم اے کو کیسز حوالہ کرینگے جن گھروں میں سیکورٹی فورسز مقیم تھے ان تمام لوگوں کو ان کے گھروں کی کرایہ بہت جلد فراہم کرینگے۔ اس موقع پر الحاج عبدالواحد آفریدی، ملک فیض اللہ جان کوکی خیل، ایم پی اے پرسنل سیکرٹری عدنان خان، حاجی محمد امین، حاجی سید میر، حاجی سرجان، ریٹائرڈ صوبیدار عطا اللہ جان ودیگر مشران موجود تھے۔

بقیہ 9

کے تناظر میں تاریخ کے ہولناک سیلاب کی زد میں ہے، اب تک حکومت سمیت رفاہی، مذہبی اور فلاحی تنظیموں اور اداروں کی کاوشیں لائق تحسین ہیں البتہ اب بھی لاتعداد افراد امداد کے منتظر ہیں آخری شخص کی بحالی تک اس جذبے کیساتھ کام کرنے کی ضرورت ہے۔ علامہ سید ساجد علی نقوی نے 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے موقع پر دفاع وطن اور پاکستانی عوام کے جان و مال کے تحفظ کی خاطر قربانیاں دینے والی مسلح افواج، شہدا اور غیور عوام کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان روز اول سے ہی شدید تر مشکل حالات سے نبرد آزما ہے اور 75 سال میں اس پاک سرزمین نے جنگوں، ملک کو دولخت ہونے، دہشت گردی، گروہی تعصبات جیسی آفتیں دیکھیں وہیں سیلاب، زلزلہ اور دیگر قدرتی آفات کا بھی سامنا کیا البتہ چھ ستمبر کا دن یوم تجدید عہد ہے کہ ہمیں اپنے دشمنوں کیخلاف سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح کھڑا ہونا ہے اس کیلئے ہمارے قوم کے فرمودات "اتحاد، ایمان، تنظیم" کے ماٹو پر عمل کرتے ہوئے متحد ہوکر ان داخلی اور خارجی مسائل کا سامنا کرنا ہوگا۔ پاکستان کو دفاعی لحاظ سے مضبوط بنانے کیلئے ضروری ہے کہ اسے داخلی اور معاشی طور پر مضبوط کیا جائے اور آئین و قانون کی بالادستی کیساتھ بیرونی اور عارضی سہاروں کی بجائے اپنے بل بوتے پر کھڑا ہونا ہوگا۔ قائد ملت جعفریہ پاکستان علامہ سید ساجد علی نقوی نے مزید کہا کہ اس وقت پاکستان داخلی اور خارجی لحاظ سے بہت سے ایشوز سے نبرد آزما ہے، ہمسایہ ملک افغانستان میں تاحال مکمل طور پر امن نہیں آیا جس کے اثرات بہرصورت پاکستان پر پڑتے ہیں تو دوسری طرف بھارت کیساتھ حالات اب تک معمول پر نہیں کیونکہ آج تک تصفیہ کشمیر جوں کا توں ہے بلکہ بھارت آج بھی مظلوم کشمیریوں پر مختلف حیلے بہانوں سے ظلم کے پہاڑ توڑ رہا ہے، بنیادی انسانی حقوق کو نہ صرف سلب بلکہ پامال کیا جارہا ہے تو ادھر ملک کے اندر ہر کچھ عرصہ بعد سفاک عناصر کسی نہ کسی حیلے سے بدامنی پھیلانے کی سازش کرتے ہیں یا دیگر بہانوں سے تقسیم کرنے کی کوششیں کرتے ہیں جنہیں متحد ہوکر ناکام بنانے کی ضرورت ہے۔ علامہ ساجد نقوی نے کہا کہ ملکی خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ قبول نہیں، موجودہ حالات میں حکمرانوں کی اولین ذمہ داری ہے کہ وہ ملک میں موجود بحرانوں کے خاتمے کے لیے اپنا کردار ادا کریں اور ہر معاملے پر ملکی سلامتی ومفاد کو اولین ترجیح دیں، آئین وقانون کی بالادستی قائم کریں۔ اس موقع پر انہوں نے ایک مرتبہ پھر سیلاب سے متاثرہ بھائیوں کیلئے جاری کاموں کو مزید تیز تر کرنے کے ساتھ ساتھ آخری متاثرہ شخص کی بحالی تک اسی جذبے کے تحت کام جاری رکھنے پر زور دیا۔

بقیہ 10

پنجاب سیلاب اور ڈینگی وبا میں گرا ہوا ہے اور وزیراعلیٰ پنجاب عمران نیازی کی خوشامد میں لگے ہیں کیا ہی اچھا ہوتا وہ خادم پاکستان میاں شہباز شریف کے ساتھ جاکر پنجاب کی عوام کے زخموں پر مرہم رکھتے ہیں انکے سیلاب کی تباہ کاریوں سے ہونے والے نقصان کے ازالے کے لیے انکی مدد کرتے اور ڈینگی کے خلاف جن ہنگامی بنیادوں پر ہماری حکومت نے اس وقت کے خادم اعلیٰ اور ان کے خادم پاکستان میاں شہباز شریف صاحب کی زیرنگرانی اقدامات کیے اسی طرح اقدامات کرتے تو آج راجہ شوکت کے گھر کا اکلوتا چراغ انکا 21 سالہ جواں بیٹا انکی آنکھوں کے سامنے منوں مٹی تلے نہ جاتا اللہ پاک راجہ شوکت اور انکے خاندان کو صبر دے اور پنجاب حکومت میں بیٹھے نااہلوں کو عقل اور توفیق دے کہ وہ عوام کے درد کو محسوس کرسکیں۔

بقیہ 11

کے درمیان حادثہ پیش آیا موٹر سائیکل کو ویگن کی ٹکر لگنے سے موٹر سائیکل سوار جانبحق ہوگیا اور دوسرا زخمی ہوگیا جبکہ دوسرا ٹریفک کا حادثہ ہمٹیال میں پیش آیا جس میں موہڑہ ہمٹیال کے رہائشی محمد حسین اور دیگر اپنے کسی رشتے کی فوتگی کے سلسلے میں فاتحہ خوانی کے لیے جارہے تھے کہ راستے میں دوسری طرف سے آنے والے ایک تیز رفتار موٹر سائیکل سے انکے موٹر سائیکل کی ٹکر ہوگی جسکے نتیجے میں محمد حسین موقع پر زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جانبحق ہوگیا اور دو افراد زخمی ہوگئے۔

بقیہ 12

مشاورتی جرگہ میں مشران نے پولیس حکام کو امن اور امان کی بہتری اور دیگر مسائل کو مشترکہ طور پر حل کرنے کے لئے مفید مشورے دیے مشران نے پولیس حکام سے کہا کہ پولیس سٹیشن میں عوام کے مسائل ایف آئی آر کی بجائے جرگہ سسٹم اور قبائلی روایات کی روشنی میں حل کیا جانا چاہئے پولیس علاقے کے رسم ورواج کے مطابق عوام کے مسائل حل کریں مشران نے کہا کہ لنڈی کوتل میں قیام امن اور مسائل کے حل کیلئے لنڈی کوتل پولیس کے ساتھ ہر قسم کے تعاون کا اعلان کرتے ہیں لنڈی کوتل پولیس سٹیشن کے نئے تعینات ایس ایچ او ملک اکبر آفریدی نے علاقائی مشران کو یقین دلایا کہ علاقے کے مسائل کے حل کیلئے مشران سے مشاورت کی جائے گی ایس ایچ او ملک اکبر آفریدی نے کہا کہ علاقے میں قیام امن، عوام کے جان و مال کی حفاظت پولیس کی اولین ذمہ داری ہے علاقے کے مشران نے ہمیشہ قیام امن کے لئے سیکورٹی فورسز، ضلعی انتظامیہ اور پولیس کے ساتھ ہر ممکن تعاون کیا ہے جس پر علاقے کے مشران کے شکرگزار ہیں اور ان کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں مشاورتی جرگہ میں ملک محمد حسن عرف خان آفریدی، ملک تاج الدین شینواری، ملک ابرار آفریدی، ملک نادر خان شینواری، چیئرمین شاہ خالد شینواری، شریف شلمانی، ملک سالک شاہ آفریدی، مولانا شعیب قادری اور دیگر مشران نے پولیس حکام کو علاقے کے مسائل سے آگاہ کیا اور پولیس کے ساتھ ہر قسم تعاون کا اعلان کیا۔ مشاورتی جرگہ میں لنڈی کوتل ضلعی انتظامیہ کے ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر اشرف الدین، تحصیلدار طورخم غنچہ گل مہمند بھی موجود تھے۔ لنڈی کوتل پولیس سٹیشن کے ایس ایچ او ملک اکبر آفریدی نے مشاورتی جرگہ میں شرکت کرنے پر تمام مشران کا خصوصی شکریہ ادا کیا

بقیہ 13

نے جانوں تک کے نذرانے پیش کئے وطن عزیز کیلئے افواج پاکستان کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں قوم ان پر فخر کرتی ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور ترقی پسند فلاحی تنظیم کے صدر محمد عامر صدیقی نے یوم دفاع کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب میں کیا انہوں نے کہا کہ 6 ستمبر آزادی اور ملکی سالمیت کے تحفظ کے عزم و اعادہ کا دن ہے افواج پاکستان نے 6 ستمبر کو دشمنوں کے ناپاک عزائم کو تہس نہس کرتے ہوئے شکست سے دوچار کیا آج وطن عزیز پاکستان 65 کے مقابلے میں کہیں زیادہ مضبوط و مستحکم ہے اللہ رب العزت نے اسے ایٹمی صلاحیت بھی عطا کر رکھی ہے قوم اور افواج پاکستان نے ملک سوات، وزیرستان، ضرب عضب، ردالفساد آپریشن خیبر فور سے دہشتگردوں، انتہا پسندوں کی کمر توڑ دی آج وطن پرامن ہو چکا ہماری بہادر افواج نے ہمیشہ ہر کٹھن وقت میں قوم کا ساتھ نبھاتے ہوئے ان کی تکالیف و مشکلات خواہ سیلاب ہو یا آفات خاتمے کیلئے بھرپور کردار ادا کیا آج ہماری افواج پہلے سے زیادہ تربیت یافتہ اور چوکس ہیں قوم اپنی افواج کے شانہ بشانہ ہے حالیہ سیلابی صورتحال میں بھی افواج پاکستان دیگر قومی اداروں اور عوام کے شانہ بشانہ شریک اور بحالی کے کاموں میں پیش پیش ہے، وطن کیلئے قربانیاں دینے والے قومی ہیرو ہیں قوم اپنے غازیوں اور شہداء کو سلام پیش کرتی ہے اللہ اس ملک کی حفاظت کرے ہمیں آپس میں بھائی چارے، اخوت ورواداری کو فروغ دیتے ہوئے متحد رہنا ہے تاکہ ترقی و خوشحالی ہمارا مقدر بنے۔

بقیہ 14

ے 0 0 3 گرام چرس، مظہر اقبال سے 300 گرام چرس، گوجر خان پولیس نے ملزم نصیر سے 110 گرام چرس، کینٹ پولیس نے ملزم عرفان سے 10 لیٹر شراب، صدر بیرونی پولیس نے ملزم جمیل سے 0 4 بوتل شراب، کلرسیداں پولیس نے 02 ملزمان ثاقب منظور اور رضوان سے 02 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 15

اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان نے ملازمین کو تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ گوجرخان شہر میں صفائی کے نظام کو موثر بنایا جائے اور نالوں لی صفائی کی صفائی کو برقرار رکھنے کے لیے ایک ٹیم کی صورت میں مل جل کر کام کیا جائے اور شہر بھر میں جو کوڑے کرکٹ کے جو ڈھیر لگے ہیں انکو فوری اٹھایا جائے صفائی کے معاملات میں لاپرواہی اور کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی لاپرواہی برتنے والے اہلکار کسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہوں گے صفائی کے معاملات پر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ ہرگز نہیں کیا جائے گا شہریوں کے نام انھوں پیغام دیتے ہوئے کہا کہ گلی محلوں کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے عوام کے تعاون کی بھی اشد ضرورت ہے شہریوں کو بھی چاہیے کہ نالوں میں شاپر وغیرہ ہرگز نہ پھینکیں اور صفائی کے عملے سے تعاون کریں تاکہ شہر صاف ستھرا نظر آئے آپ سب کے تعاون کے بغیر یہ سب کچھ ممکن نہیں ہے۔

بقیہ 16

نے خود کو دھماکے خیز مواد کی مدد سے اڑا دیا۔ افغان میڈیا کے مطابق دھماکے میں جانی نقصان سے متعلق تفصیلات واضح نہیں ہوسکی ہیں، پولیس نے واقعے کی مزید تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔ یاد رہے کہ چند روز قبل بھی افغان صوبے ہرات کے جامعہ مسجد کے باہر ہونے والے دھماکے میں مولوی مجیب انصار سمیت متعدد افراد ہلاک ہو گئے تھے

بقیہ 17

اقبال کالونی میں ریڈ کر کے کرکٹ میچ پر جوا کھیلتے ہوئے ملزمان سلیم، ندیم اور عبدالرحمان کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا ہے۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے داؤ پر لگی رقم، LED، موبائل فون اور لیپ ٹاپ برآمد کر کے ان کے خلاف قمار بازی ایکٹ کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا ہے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 18

کرنے سے باز نہیں آئیگا تب تک ایسی بلاتفریق کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی تمام تاجر اپنی حدود میں رہ کر اپنا کاروبار کریں اور راستے بند کرنے سے گریزاں کریں شہر میں خریداری کے لیے آنے والے خواتین وحضرات کے راستوں تنگ نہ کریں جو قانون کی پاسداری نہیں کرے گا اسے خلاف سخت سے کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 19

سفیر ڈونلڈ بلوم بھی شامل تھے۔ وزارت موسمیاتی تبدیلی کی جانب سے جاری بیان کے مطابق امریکی وفد کو سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیوں سمیت متاثرین کی بحالی کے لیے درکار امداد بارے بھی آگاہ کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے وفد کو بتایا کہ سیلاب سے 33 ملین افراد شدید متاثر ہوئے ہیں جبکہ ملک کے جنوبی علاقے اب بھی زیرآب ہیں جو انسانی صحت کے لیے خطرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پانی سے پیدا ہونے والی بیماریوں کی وجہ سے ہم ہیلتھ ایمرجنسی کی طرف بڑھ رہے ہیں، سیلاب کے باعث ابھرتے ہوئے بحران سے نمٹنے کے لیے فوری امداد کی ضرورت ہے۔ اس موقع پر امریکی وفد نے سیلاب اور بارشوں کے باعث قیمتی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کیا۔ وفد نے مون سون کی تباہ کاریوں پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مشکل وقت میں پاکستان کے ساتھ مکمل تعاون کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 20

جنرل قمر جاوید باجوہ نے کہا کہ ٹیم پاکستان آپ ہم سب کیلئے باعث فخر ہیں۔ واضح رہے کہ متحدہ عرب امارات میں جاری ایشیا کپ ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ کے سپر فور مرحلے میں پاکستان نے دلچسپ مقابلے کے بعد بھارت کو آخری اوور میں 5 وکٹوں سے شکست دے کر گروپ میچ میں ہار کا حساب برابر کردیا۔ پاکستان نے بھارت کا 182 رنز کا ہدف محمد رضوان اور محمد نواز کی شاندار انگز کی بدولت آخری اوور میں 5 وکٹوں کے نقصان پر پورا کرلیا۔

بقیہ 21

ہے کہ اس کی بیٹی سے جبری مشقت لیکر خود فائدہ لیا جا رہا ہیفاضل عدالت نے خاتون کی درخواست پر اس کی 12 سالہ بیٹی سونیا کو بازیاب نہ کروانے پر تھانہ کڑانہ سے رپورٹ طلب کر لی۔

بقیہ 22

علی بھٹو کے دور حکومت میں 7 ستمبر کو قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیتے ہوئے قادیانیت آرڈیننس جاری ہوا جس کی یاد میں اس دن کو پورے مزہبی جوش وخروش سے مناتے ہوئے مختلف مذہبی جماعتوں کی جانب سے ریلیاں اور اجتماعات منعقد کر کے عظمت رسالت کو اجاگر کیا جاتا ہے سرگودھا میں 7 ستمبر کو مساجد میں ختم نبوت کانفرنسز ہوں گئیں اور ختم نبوت کارواں نکالا جائے گا۔ انٹرنشنل ختم نبوت موومنٹ مولانا قاری احمد علی ندیم کا کہنا ہے کہ 7 ستمبر کو یوم ختم نبوت کے طور پر منانے کا مقصد اس دن کی اہمیت کو اجاگر کر کے قادیانیوں کے بڑھتی ہوئی سرگرمیوں سے مسلمانوں کو روشناس کرنا ہے۔

بقیہ 23

ناجائز منافع خوروں کے خلاف ایل پی جی پروڈکشن اور ڈسٹری بیوشن رولز 2001، پٹرولیم پروڈکشن (پٹرولیم لیوی) آرڈیننس 1961 اور دیگر لاگو قوانین کے تحت عوامی مفاد میں کارروائی کریں۔ مزید برآں، ایل پی جی پلانٹس اور ڈسٹری بیوٹرز کو احکامات جاری کیے گئے ہیں کہ وہ اپنے ایریا میں اور رسیدوں پر ایل پی جی کی اوگرا کی متعین کردہ قیمت کو عوام الناس کی آسانی کے لیے واضح طور پر لکھیں۔

بقیہ 24

درخواست پر سماعت ہوئی۔ سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید ہائیکورٹ میں پیش ہوئے۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر اینٹی کرپشن نازیہ حسین عدالت میں پیش ہوئیں اور شیخ رشید کی حد تک الزام ثابت نہ ہونے کا بیان دے دیا۔ وکیل اینٹی کرپشن نے کہا کہ شیخ رشید کی حد تک الزام ثابت نہیں ہوا۔ وکیل شیخ رشید نے کہا کہ اینٹی کرپشن کے بیان کی روشنی میں اب ہماری درخواست غیر موثر ہوگئی ہے۔ شیخ رشید احمد نے درخواست میں چیف سیکرٹری پنجاب، سیکرٹری داخلہ، ڈی جی اینٹی کرپشن سمیت دیگر کو فریق بناتے ہوئے کہا تھا کہ ابھی تک رقبہ مکمل فروخت نہیں ہوا، ابھی 80 فیصد رقم وصول کرنا باقی ہے، ساری زمین کا قبضہ میرے پاس ہے، رائل ریذیڈینشیا والا رقم بھی نہیں دے رہا۔ انہوں نے کہا تھا کہ ضلع اٹک میں 149 کنال کے رقبے کا 67 کروڑ میں رائل ریذیڈینشیا کیساتھ معاہدہ کیا تھا، رائل ریذیڈینشیا سے 10 کروڑ روپے ایڈوانس وصول کئے، 57 کروڑ کی ادائیگی 23 فروری 2022 تک مکمل ہوئی، زمین کی فروخت کا معاہدہ کسی بھی طرح غیر قانونی نہیں تھا، اینٹی کرپشن نے غیر قانونی طور پر انکوائری شروع کی، اینٹی کرپشن میں کل 15 جولائی کی طلبی کا نوٹس غیر قانونی قرار دے کر کالعدم کیا جائے۔

بقیہ 25

پر 7 کروڑ افراد سیلاب سے متاثر اور 4 کروڑ بے گھر ہوئے۔ مختلف ایجنسیز اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ اداروں سے نقصانات کے اعداد وشمار جمع کیے ہیں۔ اندازوں کے مطابق سیلاب سے 20 ارب ڈالر کے زرعی نظام کو نقصان پہنچا جبکہ ملک کا 65 فیصد خوراک کا نظام متاثر ہوا ہے۔ کپاس اور چاول کی 70 فیصد فصل تباہ ہوگئی جبکہ کاشت کی گئی تمام سبزیاں بھی پانی میں بہہ گئیں، 334 پولٹری فارمز اور 156 فش فارمز کو بھی نقصان پہنچا۔ سیلاب سے 6000 کلومیٹر سڑکیں پانی میں بہہ گئیں جبکہ 151 شہروں میں 2 کروڑ 60 لاکھ گھر تباہ ہوئے ہیں۔ ملک کا ایک لاکھ ستر ہزار مربع کلومیٹر علاقہ سیلاب میں ڈوبا ہوا ہے جو دنیا کے 75 ممالک سے زیادہ ہے۔ سیلاب کے نتیجے میں 1330 سے زائد افراد جاں بحق اور 13 ہزار ایک سو اٹھاسی زخمی ہیں جبکہ 26 لاکھ مویشی سیلاب کی نذر ہوئے ہیں۔ بے گھر ہونے والے 10 لاکھ افراد کو سیلاب سے پیدا ہونے والی بیماریوں جبکہ ساٹھ لاکھ افراد کو خوراک کی کمی کا سامنا ہے۔ سیلاب متاثرہ علاقوں میں ریسکیو آپریشن سے منسلک این ڈی ایم اے اور صوبائی ڈیسز اسٹر مینجمنٹ کے اداروں کا کہنا ہے کہ آنے والے دنوں میں ہلاکتوں اور زخمیوں کی تعداد اور دیگر نقصانات کے نمبرز بڑھ سکتے ہیں۔ این ڈی ایم اے، صوبائی اور ضلعی اتھارٹیز نے سیلاب سے نقصانات کی تازہ تفصیلات کے مطابق سیلاب سے ہلاکتوں کی تعداد 1330 سے زیادہ ہوچکی ہے۔ مرنے والوں میں 440 بچے اور 250 خواتین شامل ہیں۔ سیلاب سے سب سے زیادہ اموات سندھ میں ہوئیں جس کی تعداد 522 ہے جبکہ 8421 زخمی ہیں۔ دوسرے نمبر پر بلوچستان ہے جہاں 289 افراد جاں بحق اور 602 زخمی ہوئے ہیں۔ خیبر پختونخوا میں 274 افراد لقمہ اجل بنے اور 851 زخمی ہیں، پنجاب میں 203 اموات ہوئیں اور 3935 زخمی ہیں۔ گلگت بلتستان میں 22، آزاد کشمیر میں 47، اسلام آباد میں ایک شخص سیلاب یا مون سون سے جاں بحق ہوا۔

بقیہ 26

کئے گئے جس کے نتیجے میں 10 افراد ہلاک اور 15 زخمی ہوگئے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ چاقو حملے کے سلسلے میں 30 اور 31 سال عمر کے 2 مشتبہ افراد کی تلاش جاری ہے۔ کینیڈا کے وزیراعظم جسٹن ٹروڈو نے چاقو حملے میں ہلاک افراد کے خاندانوں سے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ حملہ ہولناک اور دل دکھانے والا ہے۔ حکام نے چاقو حملے میں ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ ظاہر کیا ہے۔

بقیہ 27

والے تاجر عقیل احمد چوہدری پہلی مرتبہ اس میلے میں شرکت کر رہے ہیں۔ ان کا گھرانہ پاکستان میں جواہرات کے کاروبار سے منسلک ہے اور اب چین کے شہر شنگھائی اور شین یانگ میں بھی ان کی دکانیں کھل گئی ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ وہ اگلے سال بیجنگ میں بھی اپنی ایک دکان کھولنے پر غور کر رہے ہیں، اس میلے میں نمائش اور تبادلوں کا ایک اچھا پلیٹ فارم فراہم کیا گیا ہے اور وہ اس سے کافی مطمئن ہیں۔ موجودہ میلے کے دوران ان کے کاروبار نے لوگوں کی کافی توجہ حاصل کی ہے۔ سری لنکا سے تعلق رکھنے والے پشپا کمارا ہیوا جتینیدرا نا دوسری مرتبہ اس میلے میں شرکت کر رہے ہیں ان کا کہنا ہے کہ سری لنکا کی مصنوعات کو میلے میں کافی پسند کیا گیا ہے، اس میلے میں مزید بڑے ترقیاتی مواقع متعارف ہوئے ہیں اور وہ چین کے ساتھ تعاون کے حوالے سے پرامید ہیں۔

بقیہ 28

فوج کی سینئر قیادت کی اہلیت اور حب الوطنی دہائیوں پر محیط بے داغ، شاندار عسکری خدمات سے عیاں ہے، پاک فوج قوم کی سکیورٹی اور حفاظت کے لیے ہر روز جانیں قربان کر رہی ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز فیصل آباد میں جلسے سے خطاب کرتے ہوئے عمران خان کا کہنا تھا کہ موجودہ حکومت نے 4 مہینے میں ملک کا بیڑا غرق کردیا، یہ صرف کرپشن کیسز ختم کروانے آئے ہیں، الیکشن سے بھاگنے کا مقصد نومبر میں مرضی کا آرمی چیف لگانا ہے۔ عمران خان کے بیان پر وزیراعظم شہباز شریف نے بھی چیئرمین پاکستان تحریک انصاف کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا تھا کہ عمران نیازی کا مذموم ایجنڈا واضح طور پر پاکستان کو تباہ کرنا اور کمزور کرن

شہباز گل کی گفتگو خان صاحب کے فلسفہ شرہی کا ثمر تھی

عمران فوج کے سربراہ کو عوام سے لڑا کر کس کے مقاصد پورا کرنا چاہتے ہیں؟ ، سابق وزیر پرویز رشید

آئین کے منافی ایسی سوچ رکھنے والا آمریت وفسطائیت کا لاڈلا تو ہوسکتا ہے قائداعظم کا پیروکار نہیں ہوسکتا، بیان

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما پرویز رشید نے کہا ہے کہ عمران خان تقریر نے ثابت کر دیا ہے کہ شہباز گل کی گفتگو خان صاحب کے فلسفہ شرہی کا ثمر تھی۔ عمران خان کی تقریر کے ردعمل میں انہوں نے کہا کہ خان صاحب کی فیصل آباد جلسہ کی تقریر نے واضح کر دیا ہے کہ ان کی راتوں کی نیندیں کیوں اڑی ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انہیں آئین میں درج چیف کے فرائض سے بھی آگہی نہیں، انہیں نیب کے سربراہ اور فوج کے سربراہ کا فرق بھی معلوم نہیں، وہ فوج کے سربراہ کو عوام سے لڑا کر کس کے مقاصد پورا کرنا چاہتے ہیں؟ پرویز رشید نے کہا کہ کچھ دن پہلے عمران کو شکایت تھی کہ سلامتی کے ادارے ان کی سیاسی مدد سے کیوں گریزاں ہیں اور آج وہ مطالبہ کر رہے ہیں

ڈینگی کے خاتمے کیلئے میدان عمل میں رہنا ہمارا قومی فریضہ ہے

ہمیں عوام الناس کو ڈینگی کے حوالے سے آگاہی دینے کے لیے ایک تحریک کی صورت کام کرنا ہوگا

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) ڈپٹی کمشنر سرگودھا نے کہا کہ ڈینگی کے خاتمے کے لیے میدان عمل میں رہنا ہمارا قومی فریضہ ہے۔ ہماری قوم جو نصب العین لے کر نکلتی ہے وہ پورا ہو جاتا ہے۔ کیونکہ مثبت سرگرمیوں کی کامیابی کا راز خلوصِ نیت پر ہے۔ محکمہ صحت اور محکمہ تعلیم کے افسران اور عملہ نے جس تن دہی سے کورونا کے خلاف جنگ میں حصہ لیا وہ قابلِ تقلید ہے۔

سرگودھا' تھانہ بھلوال صدر پولیس کی کارروائی' ناجائز اسلحہ رکھنے والے آٹھ ملزمان گرفتار

سرگودھا: پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائی

17 ملزمان گرفتار، چرس، شراب اور ناجائز اسلحہ برآمد کرلیا گیا

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد طارق عزیز کی ہدایت پر منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے تھانہ کوٹ مومن پولیس نے ملزم محمد شبیر سے چرس 1 کلو 670 گرام، اشرف سے بندوق 12 بور، مرید سے کلاشنکوف اور سمیر سے پسٹل 30 بور، تھانہ سیٹلائیٹ ٹاؤن پولیس نے شاہد سے شراب 50 لٹر، تھانہ پھلروان پولیس نے غلام دستگیر سے شراب 20 لٹر، تھانہ بھلوال صدر پولیس نے مدثر سے رائفل 44 بور، علی سے بندوق 12 بور، مہران سے بندوق 12 بور، ناصر سے بندوق 21 بور، قیصر سے بندوق 223 بور، شاہد (بقیہ نمبر 4)

سرگودھا: تھانہ جھاوریاں پولیس کی بروقت کاروائی

ڈکیتی کی بڑی کوشش ناکام بنادی، ایک ملزم گرفتار کر لیا گیا

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد طارق عزیز کی ہدایت پر سماج دشمن عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں۔ ایس ایچ او تھانہ جھاوریاں سب انسپکٹر علی نواز شاہ نے سب انسپکٹر مجاہد عباس و دیگر ملازمان پر مشتمل ٹیم کے ہمراہ مخبر کی اطلاع پر ڈکیتی کی کوشش اور تاک لگائے ہوئے ڈاکوؤں پر برقت ریڈ کر کے راشد کو گرفتار کر کے اس سے (بقیہ نمبر 3)

پوٹھوہار پریس کلب کے ممبران اجلاس میں شریک ہیں

پریس کلب کے ممبران اپنے ادارے کی عزت تکریم کیلئے متحد ہیں

پوٹھوہار پریس کلب کے خلاف جھوٹے الزامات لگانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کا فیصلہ

پوٹھوہار پریس کلب نے عوامی مسائل کو اجاگر کیا اور مظلوموں کا ساتھ دینے لیے ہمیشہ مثبت کردار ادا کیا

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق کچھ فیس بک کی آئی ڈیز اور یوٹیوبرز نے پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کے صحافیوں کے خلاف نجی ہاؤسنگ سوسائٹی سے مالی مفادات حاصل کرنے بارے منفی اور من گھڑت پروپیگنڈہ کر کے پوٹھوہار پریس کلب کے صحافیوں کی کردار کشی کی پوٹھوہار پریس کلب کے صحافیوں نے ان الزامات اور پروپیگنڈہ کو من گھڑت اور بے بنیاد الزامات قرار دیا اور کہا (بقیہ نمبر 5)

ڈپٹی کمشنر خیبر شاہ فہد کیساتھ قوم کوکی خیل کے مشیران کی میٹنگ

پینے کے صاف پانی، زرعی زمینوں کی آبادکاری و دیگر مختلف امور زیر بحث آئے

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) خیبر ہاؤس پشاور ڈپٹی کمشنر خیبر شاہ فہد کے ساتھ قوم کوکی خیل کے مشران نے وادی تیراہ میں قوم کوکی خیل کو درپیش مسائل پر تفصیلی میٹنگ کی جسمیں کوکی خیل ایریا کیلئے سہڈ ائز آٹا مختلف علاقوں میں بی ایچ یو، کوکی خیل ایریا کیلئے علیحدہ پولیس چوکی و علیحدہ ایس ایچ او، کوکی خیل ایریا کیلئے علیحدہ تحصیلدار، مکانات کے نقصانات (بقیہ نمبر 8)

ملکی خود مختاری پر کوئی سمجھوتہ قبول نہیں ، ساجد نقوی

قوم کو مختلف ایشوز پر منقسم کر کے ملک کو کھوکھلا کرنے کی سازشیں کی گئیں،

راولپنڈی (اے ایف بی) قائد ملت جعفریہ پاکستان علامہ سید ساجد علی نقوی نے کہا ہے کہ اس وقت پاکستان داخلی اور خارجی لحاظ سے بہت سے ایشوز سے نبرد آزما ہے، ہمسایہ ملک افغانستان میں تاحال مکمل طور پر امن نہیں آیا تو دوسری طرف بھارت کیساتھ حالات اب تک معمول پر نہیں، دوسری طرف ہر کچھ عرصہ بعد سفاک عناصر کسی نہ کسی حیلے سے بدامنی پھیلانے کی سازش کرتے ہیں یا دیگر بہانوں سے تقسیم کرنے کی کوششیں کرتے ہیں جنہیں متحد ہو کر ناکام بنانے کی ضرورت ہے، اس وقت پورا ملک موسمیاتی تبدیلیوں (بقیہ نمبر 9)

ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض خان کا راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم کا دورہ

،اردگرد کے ماحول پر کڑی نظر رکھیں، وسیم ریاض خان

راولپنڈی (اے ایف بی) ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض خان کا راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم کا دورہ، ایس ڈی پی او نیو ٹاؤن وقاص خان بھی ہمراہ تھے، ایس ایس پی آپریشنز نے نیشنل T20 میچز کی سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور افسران کو ہدایات دیں۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض خان نے راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم کا دورہ کیا، اس موقعہ پر ایس ڈی پی او نیو ٹاؤن وقاص خان بھی ہمراہ تھے، ایس ایس پی آپریشنز نے نیشنل T20 میچز کی سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور افسران کو ہدایات دیں، ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض خان کا کہنا تھا کہ ڈیوٹی پر تعینات افسران واہلکار الرٹ ہو کر ڈیوٹی سرانجام دیں، اردگرد کے ماحول پر کڑی نظر رکھیں

سرگودھا' تھانہ اربن ایریا پولیس کی کارروائی' جواء کھیلتے ہوئے تین جواری رنگے ہاتھوں گرفتار' داؤ پر لگی رقم' ایل ای ڈی' موبائل فون اور لیپ ٹاپ برآمد' مقدمہ درج

ایڈیٹر انچیف۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

سرگودھا' تھانہ جھاوریاں پولیس کی کارروائی' ناجائز اسلحہ رکھنے والے تین ملزمان گرفتار' مقدمات درج

پنجاب حکومت ڈینگی کنٹرول کرنے میں ناکام ہوگئی: سرفراز افضل

راجہ شوکت کے اکلوتے بیٹے کی ڈینگی بخار سے وفات حکومت پنجاب کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے

راولپنڈی (اے ایف بی) سابق مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری سرفراز افضل نے کہا ہے کہ 21 سالہ راجہ شوکت کے اکلوتے بیٹے کی ڈینگی بخار سے وفات حکومت پنجاب کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے پرویز الٰہی اور انکا بیٹا عمران نیازی کے سکیورٹی افسر بن کر رہ گئے پرویز الٰہی پنجاب کی عوام اور انکے مسائل پر توجہ دیں بڑی حیرانگی ہے کہ ایک طرف (بقیہ نمبر 10)

شرقی گوجرخان میں ٹریفک کے دو المناک حادثے

ویگن اور موٹر سائیکل کے درمیان حادثے میں دو افراد جانبحق اور 3 افراد زخمی

گوجرخان (قمر شہزاد) گوجرخان کے شرقی قصبوں میں ٹریفک کے دو مختلف حادثات میں 2 افراد جانبحق اور 3 افراد زخمی ہو گے ٹریفک کا ایک المناک حادثہ نواحی علاقے چھینہ کے قریب پیش آیا سجاد حسین نے پولیس کو بتایا کہ وہ اور اسکا جس میں موٹر سائیکل اور کا کزن اعزاز چھینہ سٹاپ سے چکری وکیلوں کہ طرف محو سفر تھے کہ انکے موٹر سائیکل اور ویگن (بقیہ نمبر 11)

سرگودھا' تھانہ سٹی پولیس کی کارروائی' جواء کھیلتے ہوئے چار ملزمان رنگے ہاتھوں گرفتار

پنجاب بھر کے 267 سکولوں میں کوئی ٹیچر تعینات نہ ہونے کا انکشاف

بہاولنگر (این این آئی) پنجاب بھر کے 267 سکولوں میں کوئی ٹیچر تعینات نہ ہونے کا انکشاف۔ ضلع بہاولنگر پنجاب بھر میں تیسرے نمبر پر ضلع کے 25 سکول ایسے ہیں جہاں کوئی ٹیچر تعینات نا ہے۔ یہ معاملہ اس وقت سامنے آیا جب طلبا شماری کی چیکنگ کے دوران سکول انفارمیشن سسٹم میں اساتذہ کا سٹیٹس چیک کیا گیا جس سے پتہ چلا کہ ضلع بھر کے 25 سکولوں میں کوئی ٹیچر تعینات نہیں ہے

آئیسکو ریجن میں ضروری مرمت کے باعث 6 ستمبر 2022ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم میٹینینس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے (بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد میں بارش کے باعث گرمی کا زور ٹوٹ گیا، راولپنڈی میں نشیبی علاقے زیر آب آگئے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بارش کے باعث گرمی کا زور ٹوٹ گیا تاہم راولپنڈی میں موسلا دھار بارش سے نشیبی علاقے زیر آب آگئے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اور گردونواح میں بھی گرج (بقیہ نمبر 2)

جہانیاں کے رہائشی حساس ادارے کے ریٹائرڈ اہلکار ٹریفک حادثے میں جاں بحق

جہانیاں (این این آئی) جہانیاں کے رہائشی حساس ادارے کے ریٹائرڈ اہلکار ٹریفک حادثے میں جاں بحق، 1987ء میں سندھ میں سماج دشمن عناصر کے خلاف آپریشن میں زخمی ہوئے، تمغہ بسالت سے نوازا گیا تھا۔ تفصیل کے مطابق جہانیاں کے علاقہ چک 102 دس آر کے رہائشی حساس ادارے کے ریٹائرڈ حوالدار غلام محمد (تمغہ بسالت) نواحی علاقہ ڈرماں والا موڑ کے نزدیک ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہو گئے

،امانت میں خیانت کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار

راولپنڈی (اے ایف بی) مری پولیس کی کاروائی، امانت میں خیانت کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق مری پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے امانت میں خیانت کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم ناصر ذوالفقار کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرم سال 2002 سے تھانہ مری پولیس کو مطلوب تھا، ایس پی کوہسار کا کہنا تھا کہ اشتہاری مجرمان کیخلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

لنڈی کوتل قیام امن پر سمجھوتہ نہیں کرینگے، ایس ایچ او ملک اکبر

قومی مشران کے تعاون سے تنازعات روایتی جرگہ کے ذریعے حل کرینگے

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) لنڈی کوتل قیام امن پر سمجھوتہ نہیں کرینگے، قومی مشران کے تعاون سے تنازعات روایتی جرگہ کے ذریعے حل کرینگے کسی کے ساتھ کوئی ظلم نہیں ہوگا، چادر اور چار دیواری کا تحفظ جانتے ہیں، ایس ایچ او لنڈی کوتل ملک اکبر آفریدی کا مشترکہ قومی جرگے سے خطاب۔ لنڈی کوتل تحصیل کمپاؤنڈ میں قومی مشران اور پولیس حکام کے درمیان علاقے کے مسائل اور امن وامان کی صورتحال کے حوالے سے مشاورتی جرگہ منعقد ہوا جرگہ میں لنڈی کوتل ذخہ خیل، شینواری اور شلمانی قوم کے مشران نے کثیر تعداد میں شرکت کی (بقیہ نمبر 12)

6 ستمبر 1965 عظیم قربانیوں کی داستاں جو آئندہ نسلوں کیلئے مشعل راہ ہے، عامر صدیقی

راولپنڈی (اے ایف بی) 6 ستمبر 1965 عظیم قربانیوں کی داستاں جو آئندہ نسلوں کیلئے مشعل راہ ہے، بزدل دشمن نے رات کی تاریکی میں حملہ آور ہوا ہماری بہادر اور جانباز افواج نے ملک کے چپے چپے کی حفاظت کی ذمہ داریاں بخوبی نبھاتے ہوئے دشمن کے عزائم خاک میں ملا دیئے قوم کے بہادر سپوتوں (بقیہ نمبر 13)

راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 40 بھکاری گرفتار،

راولپنڈی (اے ایف بی) سی پی او راولپنڈی سید شہزاد ندیم بخاری کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری 40 بھکاری گرفتار، پیشہ ور بھکاری ناصرف مختلف شاہراہوں اور چوک چوراہوں پر کھڑے ہو کر ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے ہیں بلکہ حادثات کا بھی باعث بنتے ہیں۔

پولیس کی منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں، 08 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (اے ایف بی) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں، 08 ملزمان گرفتار، چرس شراب اور اسلحہ برآمد، الگ الگ مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے ملزم حیدر سے 110 گرام چرس، واہ کینٹ پولیس نے ملزم منیر سے (بقیہ نمبر 14)

ایشیا کپ، منیر اکرم کی بھارت کے خلاف پاکستان کی شاندار کامیابی پر مبارکباد دی

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب منیر اکرم نے یو اے ای میں جاری ایشیا کپ ٹی 20 کرکٹ ٹورنامنٹ کے سپر فور مرحلہ کے میچ میں بھارت کے خلاف پاکستان کی شاندار کامیابی پر مبارکباد دی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان نے اچھا کھیل پیش کیا

خواندگی کا عالمی دن 8 ستمبر کو صوبائی سطح پر منایا جائیگا' وجیہہ اللہ کنڈی

لاہور (این این آئی) صوبائی سیکرٹری خواندگی وغیر رسمی بنیادی تعلیم وجیہہ اللہ کنڈی نے کہا ہے کہ خواندگی کا عالمی دن 8 ستمبر کو منایا جائیگا۔ اس حوالے منعقدہ تقریب میں وزیر اعلیٰ پنجاب مہمان خصوصی ہوں گے۔ یکم ستمبر سے پنجاب بھر میں لٹریسی ویک منایا جارہا ہے تاہم سیلاب سے متاثرہ علاقوں لیہ، راجن پور اور مظفر گڑھ میں لٹریسی ڈے کی سرگرمیاں نہیں ہونگی۔ محکمہ لٹریسی عوام کی معاشرتی واقتصادی ضرورتوں کے پیش نظر وزیر اعلیٰ پرویز الٰہی کے گزشتہ دور میں قائم کیا گیا تھا۔ محکمہ خواندگی وغیر رسمی بنیادی تعلیم نے 43 لاکھ بالغ ناخواندہ افراد اور تعلیم سے محروم بچوں کو اپنے Flexible تعلیمی پروگرامز کے ذریعے خواندہ بنایا ہے

سرکاری ملازمین کی تنخواہ وپنشن میں اضافے اور 15 فیصد ڈسپیرٹی الاؤنس کے حکومتی فیصلے پر تاحال عملدرآمد نہ ہوسکا

راولپنڈی (اے ایف بی) میڈیکل لیبر یونین (سی بی اے) کے صدر راجہ ہارون رشید نے کہا ہے کہ اگر بدھ کے روز تک ہمارے جائز مطالبات تسلیم نہ کیے گے تو راولپنڈی میں ڈینگی، سینی ٹیشن، پاکستان سٹیزن پورٹل سمیت دیگر شعبوں کے کام فوری طور پر روک دیئے جائیں گے۔

عمران خان کو شعور نہیں سیکیورٹی اداروں کے خلاف نفرت پھیلا رہے ہیں، شیری رحمٰن کا الزام

اسلام آباد (این این آئی) وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی اور پیپلز پارٹی کی رہنما شیری رحمٰن نے الزام عائد کیا ہے کہ عمران خان کو شعور نہیں وہ سیکیورٹی اداروں کے خلاف نفرت پھیلا رہے ہیں۔

سرگودھا' جی ہسپتال میں لیڈی ڈاکٹر اور عملے نے جڑواں بچوں میں ایک نوزائیدہ بچے کو غائب کردیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا کے جی ہسپتال میں لیڈی ڈاکٹر اور عملے نے پیدا ہونے والے جڑواں بچوں میں ایک نوزائیدہ بچے کو غائب کردیا۔ تو متاثرہ خاتون اپنے خاوند کے ساتھ حصول انصاف کے لئے عدالت پہنچ گئی۔ ایڈیشنل سیشن جج سرگودھا ملک نثار احمد کو تحصیل کوٹ مومن کے قصبہ للیانی کے محمد عابد اور اس کی اہلیہ عشرت رانی نے درخواست دی کہ 5 جون 2022ء کو حاملہ ہونے پر چیک اپ کے لئے سلانوالی روڈ پر واقع جی (بقیہ نمبر 6)

انچارج ٹریفک کوہ مری کی باڑیاں بازار میں سکول کے باہر نو پارکنگ اور تجاوزات کیخلاف کاروائی

راولپنڈی (اے ایف بی) انچارج ٹریفک کوہ مری کی اپنی ٹیم کے ہمراہ باڑیاں بازار میں سکول کے باہر نو پارکنگ اور تجاوزات کیخلاف کاروائی۔ ریڑھی بانوں کو روڈ سے ہٹاتے ہوئے درجن سے زائد گاڑیوں کو چالان، عرصہ دراز سے کھڑی گاڑیوں کو کرین کی مدد سے ہٹا دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق انچارج ٹریفک کوہ مری انسپکٹر سید عاطف شاہ کی سکول انتظامیہ کیطرف سے موصول ہونے والی شکایت کے ازالہ کیلئے ٹریفک وارڈن یاسر، (بقیہ نمبر 7)

گوجرخان میں صفائی کے ناقص انتظامات پر اسسٹنٹ کمشنر برہم

بلدیہ آفس میں اے سی گوجرخان کی زیر صدارت اجلاس جس میں سی او، آر ڈبلیو ایم سی اور دیگر کی شرکت

صفائی کے معاملے پر لاپرواہی اور کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان مہر غلام عباس ہرل

گوجرخان (قمر شہزاد) شہر بھر میں صفائی کی ناقص انتظامات اور شہریوں کی شکایات پر اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان مہر غلام عباس ہرل نے برہم ہوئے سخت اظہار برہمی کا، اظہار کیا اور بلدیہ آفس میں اے گوجرخان کی زیر صدارت ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں چیف آفیسر بلدیہ چوہدری تنویر عباس گجر، انچارج آر ڈبلیو ایم سی ولید عباسی، چاند مبین، سپروائزر اور دیگر متعلقہ ملازمین نے شرکت کی۔ (بقیہ نمبر 15)

بھارت کیخلاف پاکستان کی کامیابی پر پاک فوج کی قومی کرکٹ ٹیم کو مبارک باد

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج نے ایشیا کپ ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ کے سپر فور مرحلے میں بھارت کو شکست دینے پر پاکستان کرکٹ ٹیم کو مبارک باد پیش کی ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا کہ پاک افواج قومی کرکٹ ٹیم کو بھارت کے خلاف شاندار فتح پر مبارک باد پیش کرتی ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف (بقیہ نمبر 20)

سرگودھا میں 12 سالہ بچی بازیاب نہ ہونے پر خاتون سیشن کورٹ میں پیش ہوگئی

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں 12 سالہ بچی بازیاب نہ ہونے پر خاتون سیشن کورٹ میں پیش ہوگئی۔ ایڈیشنل سیشن جج محمد راشد کی عدالت میں پیش ہو کر چک 97 جنوبی کی زینت بی بی نے بتایا کہ اس کی محلے دار خاتون گلو اور نواز نے اس کی 12 سالہ بیٹی سونیا کو غیر قانونی طور پر حبس بیجا میں رکھ کر اسے غائب کر دیا ہے جس کی بازیابی کے لیے تھانہ کٹڑانہ رجوع کیا لیکن پولیس اہلکاروں نے کچھ نہ کیا۔ خاتون کا کہنا تھا کہ اس کو یقین (بقیہ نمبر 21)

افغانستان میں روسی سفارتخانے کے قریب خودکش دھماکا

روسی سفارت خانے کی جانب بڑھنے والے خودکش بمبار کو گارڈز نے گولی ماردی

کابل (این این آئی) افغانستان کے دارالحکومت کابل میں روسی سفارت خانے کے قریب خودکش دھماکے کی اطلاعات ہیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق کابل میں روسی سفارت خانے کی جانب بڑھنے والے خودکش بمبار کو گارڈز نے گولی مار دی جس پر بمبار (بقیہ نمبر 16)

جواء کھیلتے تین جواری رنگے ہاتھوں گرفتار، داؤ پر لگی رقم برآمد

قمار بازی ایکٹ کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا، تفتیش جاری

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد طارق عزیز کی ہدایت پر جرائم پیشہ افراد کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ اربن ایریا سب انسپکٹر آذر ندیم نے سب انسپکٹر غلام مرتضیٰ و دیگر ملازمان پر مشتمل ٹیم کے ہمراہ مخبر کی اطلاع پر (بقیہ نمبر 17)

سرگودھا' تھانہ کوٹ مومن پولیس کی منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کیخلاف کارروائی' چار ملزمان گرفتار' چرس اور ناجائز اسلحہ برامد

بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے امدادی رقوم کی تقسیم

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام نے فلڈ ریلیف کیش اسسٹنس کے تحت 793,701 خاندانوں میں 19 بلین روپے سے زائد کی امداد تقسیم کردی

لاہور' تحفظ ناموس رسالت کے زیر اہتمام دفاع پاکستان اور ڈاکٹر سرفراز نعیمی شہید کا کردار سیمینار سے ڈاکٹر راغب نعیمی خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے ذریعے فلڈ ریلیف کیش اسسٹنس کے تحت سندھ، بلوچستان، پنجاب اور خیبر پختونخوا کے سیلاب زدہ علاقوں میں سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کو 25000 روپے کی مالی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ اس پروگرام کے تحت اب تک 793,701 متاثرہ خاندانوں میں مجموعی طور پر 19,842,525,000 روپے کی رقم تقسیم کی جا چکی ہے

ملک بھر میں یوم ختم نبوت (کل) 7 ستمبر کو پورے مذہبی جوش وخروش سے منایا جائیگا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا سمیت ملک بھر میں یوم ختم نبوت (کل) 7 ستمبر کو پورے مذہبی جوش وخروش سے منایا جائیگا جس میں ریلیاں اور جماعات منعقدہ کر کے اس دن کی اہمیت کو اجاگر کیا جائے گا۔ زرائع کے مطابق سابق وزیر اعظم ذوالفقار (بقیہ نمبر 22)

طلباء کیلئے اہم خبر، سیلبس میں بڑی تبدیلی کا فیصلہ

سیلبس 20 فیصد کم کرنے کے حوالے سے سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے کام شروع کردیا

مکوآنہ (این این آئی) موجودہ تعلیمی سال میں بھی حکومت نے بچوں کا سلیبس شارٹ کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ سیلبس 20 فیصد کم کرنے کے حوالے سے سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے کام شروع کردیا، پہلی سے دہم جماعت کے بچوں کا پیپر 80 فیصد سلیبس میں سے لیا جائیگا،

پی ٹی آئی سیلاب متاثرین کی ہر ممکن مدد کررہی ہے' ڈاکٹر شاہد

پنجاب کی اتحادی حکومت سیلاب متاثرین کی امداد وبحالی کیلئے مکمل طور پر عزم ہے' رہنما تحریک انصاف

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر مرکزی بانی رہنما ڈاکٹر شاہد صدیق خان نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی سیلاب متاثرین کی ہر ممکن مدد کر رہی ہے، سیلاب متاثرین کو امداد دیتے ہوئے فوٹو سیشن سے پرہیز کیا جائے تاکہ کسی کی عزت نفس مجروح نہ ہو، پنجاب کی اتحادی حکومت سیلاب متاثرین کی امداد وبحالی کیلئے مکمل طور پر عزم ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر مہر غلام عباس ہرل کا تجاوزات مافیا کیخلاف گرینڈ آپریشن کی نگرانی کرتے ہوئے

اسسٹنٹ کمشنر مہر غلام عباس ہرل کا تجاوزات مافیا کیخلاف گرینڈ آپریشن

تجاوزات قائم کرنے والوں کی متعدد دکانیں سیل اور متعدد کو موقع پر جرمانے کر ڈالے

تجاوزات کے مکمل خاتمے تک آپریشن جاری رہے گا شہر سے تجاوزات کو جڑ اکھاڑا جائے گا اے سی گوجرخان

گوجرخان (قمر شہزاد) اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان مہر غلام عباس ہرل کی جانب سے دو ہفتے قبل وارننگ جاری کرنے بعد 1 ہفتے سے تجاوزات کے خلاف جاری آپریشنز کے باوجود تجاوزات مافیا اپنی حرکات سے باز نہ آیا قانون کی رٹ کو چیلنج کرنے والوں کے خلاف آج اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان اور چیف آفیسر بلدیہ تنویر عباس گجر، اور ایم آر او حبیب، بلال سلیم اور اینٹی انفورسمنٹ انکروچمنٹ کے تجاوزات مافیا کے خلاف ایک گرینڈ آپریشن کیا گیا جس میں اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان نے تجاوزات قائم کرنے والوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے متعدد دکانوں کو سیل کیا اور متعدد دکانداروں کو موقع پر جرمانے کیئے لنڈا بازار اور سکھو روڈ پر دکانیں سیل کی گیں جبکہ سبزی فروٹ منڈی میں بازار میں دکانداروں کو موقع پر جرمانے بھی کیئے گے اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان نے کہا کہ جب تک تجاوزات مافیا تجاوز (بقیہ نمبر 18)

سینیٹر شیری رحمان سے امریکی وفد کی ملاقات،

سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیوں بارے تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی سینیٹر شیری رحمان سے امریکی وفد نے ملاقات کی جس میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں جاری امدادی سرگرمیوں بارے تبادلہ خیال کیا گیا، امریکی کانگریس کی رکن شیلا جیکسن لی وفد کی قیادت کر رہی تھیں جبکہ ارکان کانگریس ٹام سوزی اور آل گرین کے علاوہ پاکستان میں امریکا کے (بقیہ نمبر 19)

لاہور' مناواں کے علاقے میں زیادتی کے بعد قتل کی جانیوالی بچی کے لواحقین احتجاج کر رہے ہیں

کمشنر کا ٹیچنگ ہسپتال کا اچانک دورہ' ٹیچنگ ہسپتال کے مختلف شعبے دیکھے

مریضوں اور لواحقین سے معلومات حاصل کیں اور ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف سے مسائل دریافت کئے

لاہور (این این آئی) کمشنر لاہور لیاقت علی چٹھہ نے ٹیچنگ ہسپتال کا اچانک دورہ کیا اور ٹیچنگ ہسپتال کے مختلف شعبے دیکھے اور کارڈیالوجی، برن یونٹ، پلاسٹک سرجری چلڈرن، گائنی اور دیگر وارڈ کا بھی دورہ کیا، کمشنر نے مریضوں اور لواحقین سے معلومات حاصل کیں اور ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف سے مسائل دریافت کئے، دورہ کے موقع پر انہوں نے ڈائلیسز سنٹر میں مزید مشینیں فوری نصب کرنے اور سنٹرل ایئر کنڈیشنڈ وارڈ کے دروازے بند رکھنے کے احکامات کیے، کمشنر لیاقت علی چٹھہ نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وارڈز میں صفائی اور سکیورٹی کے خصوصی اقدامات کئے جائیں

حکومتی اتحاد کی افواج پاکستان اور قیادت کیخلاف نفرت پھیلانے اور حساس پیشہ وارانہ امور کو متنازعہ بنانے کی شدید مذمت

اسلام آباد (این این آئی) حکومتی اتحاد میں شامل جماعتوں نے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کے جلسہ عام میں افواج پاکستان اور اس کی قیادت کے خلاف نفرت پھیلانے اور حساس پیشہ وارانہ امور کو متنازعہ بنانے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری قوم سیلاب، نفرت، انتقام اور تکبر میں ڈوبا عمران خان مسلح افواج سمیت قومی اداروں اور عوام سے لڑ رہا ہے اور سنگین بہتان تراشی کر رہا ہے جس کا مقصد معاشی بحالی کے عمل کو متاثر کر کے پاکستان کو سری لنکا بنانا اور عوام کو فوج سے لڑانا ہے اور فوج کے 'ریک اینڈ فائل' میں تصادم کی راہ ہموار کرنا ہے،

اوگرا نے صوبائی اور ضلعی انتظامیہ کو ایل پی جی کی قیمتوں پر نظر رکھنے کی ہدایات جاری کردیں

اسلام آباد (این این آئی) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی نے تمام صوبوں کے چیف سیکرٹریوں اور ضلعی انتظامیہ کو ہدایات جاری کی ہیں کہ وہ اوگرا کی ایل پی جی کی یکم ستمبر 2022 سے متعین کردہ قیمتوں پر نظر رکھیں، ایل پی جی پروڈیوسرز کے لی